آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ ABC CERTIFIED
بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)
DAILY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
بانی سیدہ زاہدہ سلطانہ — چیف ایڈیٹر طاہر ملک
ایڈیٹر: میاں طارق جاوید
ETTELAATKHI@GMAIL.COM
جلد نمبر: 27 | 22 شوال 1447 ہفتہ 11 اپریل 2026ء | قیمت 10 روپے | شمارہ: 36

# مذاکرات سے قبل ہماری 2 شرائط پوری ہونا ابھی باقی ہیں، ایران

لبنان میں جنگ بندی اور ایران کے منجمد اثاثوں کی بحالی پر تاحال عمل درآمد نہیں ہوا، لبنان میں فوری جنگ بندی اور ایران کے منجمد اثاثوں کی بحالی لازمی ہے

**اگر مذاکرات کامیاب نہ ہوئے تو امریکا پہلے سے زیادہ شدت کے ساتھ فوجی کارروائیاں شروع کردے گا، ایرانیوں کو یہ احساس نہیں کہ ان کے پاس کوئی کارڈ نہیں، ٹرمپ**

واشنگٹن، تہران (نیوز ایجنسیاں) اسلام آباد امن مذاکرات میں امریکا کی قیادت نائب صدر جے ڈی وینس اور ایرانی وفد کی سربراہی مجلس کے اسپیکر محمد باقر قالیباف کریں گے۔ عالمی خبررساں ادارے کے مطابق امریکا اور ایران کے درمیان جنگ بندی پر مذاکرات کل سے اسلام آباد میں شروع ہونے جا رہے ہیں جس کے لیے نائب امریکی صدر روانہ ہوچکے ہیں۔ ایران وفد کی پاکستان آمد کل متوقع ہے تاہم اس سے قبل محکمہ چیف مذاکرات کار محمد باقر

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24

## پاکستان کی معاشی شرح نمو 5.3 فیصد رہے گی، ایشیائی بینک

2027 میں مزید بہتری کیساتھ 4.5 فیصد تک پہنچنے کا امکان ہے، معاشی آؤٹ لک رپورٹ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایشین ترقیاتی بینک (اے ڈی بی) نے پاکستان کے حوالے سے اپنی تازہ معاشی آؤٹ لک رپورٹ جاری کردی۔ رپورٹ کے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27

## پاکستانی عوام نے بھی حکومت کی جنگ بندی کی کوششوں کی حمایت کردی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستانی عوام نے بھی


باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26

## پاک بحریہ کا شمالی بحیرہ عرب میں ریسکیو آپریشن

موصول ہنگامی سگنل کے بعد 18 افراد پر مشتمل عملے کو بحفاظت ریسکیو کرلیا، پاک بحریہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شمالی بحیرہ عرب میں انسانی ہمدردی کی بنیاد پر کارروائی کے دوران پاک بحریہ نے تجارتی بحری جہاز ایم وی گولڈ آئم سے موصول

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25



اسلام آباد، متحدہ عرب امارات کے وزیر خزانہ محمد بن عبداللہ وزیراعظم شہباز شریف سے تبادلہ خیال کررہے ہیں، فیلڈ مارشل عاصم منیر بھی موجود ہیں

# کفایت شعاری: سندھ میں مارٹ لاک ڈاؤن کا نفاذ — کاروبار 8 بجے بند

تمام دکانیں، مارکیٹس اور شاپنگ مالز ڈویژنل ہیڈ کوارٹرز کے علاوہ دیگر اضلاع میں ہفتے کے ساتوں دن شام 8 بجے تک بند کردیے جائیں گے، نوٹیفکیشن جاری

**ڈویژنل ہیڈ کوارٹرز میں یہی کاروبار رات 9 بجے تک کھلے رہ سکیں گے، کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کو سندھ پولیس کی مدد سے اپنے علاقوں میں احکامات پر عمل درآمد یقینی بنانے کی ہدایت**

کراچی (اسٹاف رپورٹر) حکومت سندھ نے کفایت شعاری پالیسی کے تحت صوبے میں کاروباری اوقات محدود کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کردیا۔ تفصیلات کے مطابق حکومت سندھ نے ایندھن کی بچت اور ... اوقات محدود کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے، جس کا اطلاق فوری ہوگا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق تمام دکانیں، مارکیٹس اور شاپنگ مالز ڈویژنل ہیڈ کوارٹرز کے علاوہ دیگر اضلاع میں ہفتے کے ساتوں دن شام 8 بجے تک

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28

## جمہوریت کا دفاع اور پاکستان کی تعمیر مشترکہ ذمہ داری ہے — بلاول بھٹو

شہید ذوالفقار علی بھٹو کی مدبرانہ قیادت اور سیاسی بصیرت نے مختلف آوازوں کو یکجا کرکے قوم کو پہلا متفقہ آئین دیا، چیئرمین پیپلز پارٹی

**آصف زرداری کے پہلے دور میں ہونے والی تاریخی 18 ویں آئینی ترمیم نے پارلیمانی بالادستی اور آئینی توازن کو بحال کیا، یوم دستور پر پیغام**

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے یوم دستور کے موقع پر قوم کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے 1973 کے آئین کو قومی وحدت، جمہوریت اور بنیادی حقوق کا دائمی عہد قرار دیا ہے۔ میڈیا سیل بلاول ہاؤس سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق پی پی پی چیئرمین نے اپنے پیغام میں مزید کہا ہے کہ 1973 کا آئین پاکستان کی تاریخ میں ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے، جس نے ملک کو جمہوری روح، وفاقی توازن اور اتفاق رائے پر مبنی اجتماعی شناخت عطا کی۔ انہوں نے کہا کہ مشکل حالات ہوں یا ترقی کے مواقع، آئین ہمیشہ ہماری رہنمائی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29



لاہور، مسلم لیگ ن کے صدر نواز شریف سے گورنر سندھ نہال ہاشمی ملاقات کررہے ہیں

## 1973 کا آئین عوامی حقوق کا ضامن ہے — وزیر اعلیٰ سندھ

مضبوط جمہوریت ہی مستحکم پاکستان کی ضمانت ہے، ہمیں آئین کے مطابق اداروں کی مضبوطی اور قانون کی حکمرانی کو یقینی بنانا ہوگا، مراد علی شاہ

**پاکستان پیپلز پارٹی آئین کی بالادستی پر یقین رکھتی ہے، چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں آئین کے تحفظ کی جدوجہد جاری ہے**

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کا یوم دستور کے موقع پر کہنا ہے کہ 10 اپریل 1973 پاکستان کی تاریخ کا ایک سنہری دن ہے۔ شہید ذوالفقار علی بھٹو نے قوم کو متفقہ، جمہوری اور اسلامی آئین دیا۔ انہوں نے کہا پاکستان پیپلز پارٹی آئین کی بالادستی پر یقین رکھتی ہے۔ وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے اپنے پیغام میں کہا 1973 کا آئین وفاق کی مضبوطی اور عوامی حقوق کا ضامن ہے ... بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں آئین کے تحفظ کی جدوجہد جاری ہے، آئین کی سربلندی ہی ملک میں جمہوریت کے استحکام کی ضمانت ہے۔ وزیراعلیٰ سندھ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30



کراچی، پاک بحریہ کی جانب سے تجارتی بحری جہاز ایم وی گولڈ آئم سے موصول ہنگامی سگنل کے بعد ریسکیو آپریشن کیا جارہا ہے

## ایران نے دھوکا دیا تو امریکا مثبت ردعمل نہیں دیگا — امریکی نائب صدر

امید ہے کہ صدر کی ہدایت پر مذاکرات کے لیے اسلام آباد جارہا ہوں، ایران سے مذاکرات مثبت ہوں گے، جے ڈی وینس

**ایران نے خیرسگالی کا مظاہرہ کیا تو کھلے دل سے آگے بڑھیں گے، میری لینڈ سے پاکستان روانگی پر میڈیا سے گفتگو**

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران سے جنگ کے خاتمے کے لیے مذاکرات کی غرض سے امریکی نائب صدر جے ڈی وینس پاکستان کے لیے روانہ ہوگئے۔ امریکی میڈیا کے مطابق امریکا سے پاکستان جاتے وقت طیارے میں بیٹھنے سے قبل جے ڈی وینس نے میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ امید ہے کہ صدر کی ہدایت پر مذاکرات کے لیے اسلام آباد جارہا ہوں، ایران سے مذاکرات مثبت ہوں گے۔ صدر ٹرمپ نے ہمیں مذاکرات کے لیے کچھ رہنما اصول پیش کیے ہیں۔ جے ڈی وینس کا کہنا تھا کہ دوران مذاکرات اگر ایران نے خیرسگالی کا مظاہرہ کیا تو امریکا کھلے دل سے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31



وزیر اطلاعات پنجاب مریم اورنگزیب وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی سے تبادلہ خیال کرتے ہوئے

## کالعدم زینبیون کا ٹارگٹ کلر فرحان خان پکڑا گیا

کالعدم تنظیم زینبیون ماضی میں درجنوں مذہبی، فرقہ وارانہ دہشت گرد کارروائیوں میں پیش پیش رہی ہے، سی ٹی ڈی

**مسجد ابوبکر کے امام مسجد مفتی قیصر فاروق کو 12 ربیع الاول کے روز فرقہ وارانہ دہشت گردی کو ہوا دینے کیلئے قتل کیا، انکشاف**

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سی ٹی ڈی اور سولجر بازار وفاقی حساس ادارے نے یونیورسٹی روڈ پر مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے فرقہ وارانہ ٹارگٹ کلنگ میں ملوث کالعدم تنظیم زینبیون کا ٹارگٹ کلر محمد فرحان خان ولد محمد ... کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان سی ٹی ڈی کراچی کے مطابق کالعدم دہشت گرد تنظیم زینبیون ماضی میں درجنوں مذہبی، فرقہ وارانہ دہشت گرد کارروائیوں میں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32



کراچی، بنگلہ دیش کے 55 ویں یوم آزادی و قومی دن کی تقریب میں گورنر سندھ و دیگر کیک کاٹ رہے ہیں

## سانحہ گل پلازہ: جوڈیشل کمیشن رپورٹ انصاف کا قتل ہے — ایم کیو ایم پاکستان

جوڈیشل کمیشن رپورٹ پر عملدرآمد کیلئے سندھ کابینہ کی جانب سے تشکیل دی گئی 2 رکنی وزارتی کمیٹی پر عدم اعتماد کا اظہار

**حزب اختلاف اور سول سوسائٹی کو باہر رکھ کر حکومت نے اپنی جانبداری ثابت کردی ہے، متحدہ اراکین سندھ اسمبلی**

کراچی (اسٹاف رپورٹر) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے اراکین سندھ اسمبلی نے سانحہ گل پلازہ کی جوڈیشل کمیشن رپورٹ پر عملدرآمد کیلئے سندھ کابینہ کی جانب سے تشکیل دی گئی دو رکنی وزارتی کمیٹی پر عدم اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے اسے یکسر مسترد کردیا ہے۔ اراکین سندھ اسمبلی نے مرکز بہادر آباد سے جاری کردہ بیان میں کہا کہ اتنے بڑے سانحے پر بنائی گئی کمیٹی میں حزب اختلاف اور سول سوسائٹی کے نمائندوں کو شامل نہ کرنا ... انہوں نے اسے انصاف کا قتل

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36

## غلط ای چالان پر شہری کی جیت، ٹریفک پولیس کو وارننگ

**کراچی کی عدالت نے چالان منسوخی کے بعد کیس نمٹادیا، آئندہ احتیاط برتنے کی ہدایت**

کراچی (کرائم رپورٹر) کراچی میں مقامی عدالت نے غلط ای چالان کے خلاف دائر درخواست پر شہری کے حق میں فیصلہ آنے کے بعد کیس نمٹا دیا اور ٹریفک پولیس کو آئندہ احتیاط برتنے کی ہدایت جاری کردی۔ کراچی کے ایڈیشنل سیشن جج جنوبی کی عدالت میں شہری کی درخواست پر سماعت ہوئی، جس دوران ٹریفک پولیس کی جانب سے رپورٹ عدالت میں پیش کی گئی۔



کراچی، ناردرن بائی پاس پر قائم مویشی منڈی میں جانوروں کی آمد کا سلسلہ جاری ہے

## ایک ماہ میں 3 ہزار موٹر سائیکلیں، 140 گاڑیاں چوری

مارچ کے مہینے میں قتل کے 44، بھتہ خوری کے 6، اغوا برائے تاوان کا ایک کیس ہوا

کراچی (کرائم رپورٹر) سٹیزن پولیس لائژن کمیٹی (سی پی ایل سی) نے مارچ 2026 کے دوران کراچی میں مختلف جرائم کی رپورٹ جاری کردی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40

## ایم کیو ایم پاکستان کا پنجاب میں تنظیمی نیٹ ورک پھیلانے کا فیصلہ

**مرکز بہادر آباد میں اہم اجلاس**

کراچی (اسٹاف رپورٹر) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے مرکز بہادر آباد میں صوبہ پنجاب سے تعلق رکھنے والے اعلیٰ سطح کے تنظیمی وفد نے مرکزی رہنماؤں سے اہم ملاقات کی۔ ملاقات میں پنجاب میں پارٹی بیانیے کی ترویج اور تنظیمی ڈھانچے کو نچلی سطح تک فعال کرنے کے لیے جامع حکمت عملی پر اتفاق کیا گیا۔ اجلاس میں مرکزی رہنما ارشد حسین، ... خان اور ارشد حسن شامل تھے۔

## جعلی میڈیکل سرٹیفکیٹ، خاتون اے ایس پی کو مہنگا پڑ گیا

جوڈیشل مجسٹریٹ کا خاتون کے خلاف فوجداری کارروائی شروع کرنے کا حکم جاری

کراچی (کورٹ رپورٹر) جعلی میڈیکل سرٹیفکیٹ عدالت میں جمع کروانا خاتون اے ایس پی کو مہنگا پڑ گیا۔ عدالت نے خاتون کے خلاف فوجداری کارروائی شروع کرنے کا بڑا حکم جاری کردیا۔ تفصیلات کے مطابق جوڈیشل مجسٹریٹ جنوبی کی عدالت نے عدالت میں جعلی میڈیکل سرٹیفکیٹ جمع کرانے کے معاملے پر ایس ڈی پی او ... ایکس (خاتون اے ایس پی) کے خلاف فوجداری کارروائی شروع کرنے کا حکم جاری کردیا۔

## میرپورخاص میں میڈیکل کالج کی طالبہ کی مبینہ خودکشی، متوفیہ کے ماموں کی مدعیت میں مقدمہ درج

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) میرپورخاص میں میڈیکل کالج کی طالبہ کی مبینہ خودکشی پر پولیس نے متوفیہ کے ماموں کی مدعیت میں مقدمہ درج کرلیا۔ پولیس کے مطابق مقدمے میں کالج کے پرنسپل، ان کی پروفیسر اہلیہ، ایک لیکچرار اور 2 طالب علموں کو نامزد کیا گیا ہے۔ ایف آئی آر میں جنسی ہراسانی اور طالبہ کو خودکشی پر مجبور کرنے کی دفعات شامل کی گئی ہیں۔ ... کے علاقے میں طالبہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34

## سی ٹی ڈی کو جدید آلات سے لیس کرنا ناگزیر ہے، آئی جی سندھ

**سندھ پولیس کی ریڈ بک کو اے آئی فیچرز کے ساتھ ڈیجیٹلائز کردیا گیا ہے، جاوید عالم اوڈھو**

کراچی (کرائم رپورٹر) آئی جی سندھ نے کہا ہے کہ موجودہ سیکیورٹی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے سی ٹی ڈی کو جدید آلات سے لیس کرنا وقت کی ضرورت ہے۔ جدید آلات کی ضرورت و حصول سے متعلق اہم اجلاس آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو کی زیرصدارت ہوا، جس میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے ہدایات جاری

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35

## مختلف مقامات پر پولیس مقابلے، 3 ڈاکو گرفتار کرلئے

ملزم کے قبضے سے ایک پستول، نقد رقم، موبائل فون اور موٹر سائیکل برآمد کرلی گئی

کراچی (کرائم رپورٹر) شہر قائد کے مختلف علاقوں میں پولیس اور ڈاکوؤں کے درمیان مبینہ مقابلوں کے دوران تین ملزمان کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا۔ پولیس کے مطابق عزیز آباد میں یاسین آباد قبرستان کے قریب مبینہ مقابلے کے دوران ایک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا، زخمی ملزم کو فوری طور پر عباسی شہید اسپتال منتقل کیا گیا، جہاں اس کی شناخت ... کے نام سے ہوئی ہے۔

## ملکی ترقی کیلئے ہمیں متحد رہنا ہوگا، شرجیل انعام میمن

**آئین 1973 قوم کی متفقہ دانش، وفاقی وحدت کی علامت ہے، سینئر صوبائی وزیر**

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ کے سینئر وزیر اور صوبائی وزیر برائے اطلاعات، ٹرانسپورٹ و ماس ٹرانزٹ شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ پاکستان کا آئین 1973 قوم کی متفقہ دانش، جمہوری جدوجہد اور وفاقی وحدت کی علامت ہے، یوم دستور آئین و قانون

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33

# مذاکرات کیلئے تیار مگر امریکا پر اعتماد نہیں، ایرانی نائب صدر

امریکا کی 'دھوکا دہی والی فطرت' کے باعث ایران ان مذاکرات میں محتاط انداز اپنائے گا، محمد رضا عارف

**امریکا کے رویے پر گہرے شکوک و شبہات بدستور موجود ہیں، ایران مذاکرات میں حکمت عملی کیساتھ شریک ہوگا**

اسلام آباد (ویب ڈیسک) ایران کے نائب صدر محمد رضا عارف نے کہا ہے کہ ایران اسلام آباد میں ہونے والے اہم مذاکرات میں بھرپور اور فعال شرکت کرے گا، تاہم امریکا کے رویے پر گہرے شکوک و شبہات بدستور موجود ہیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ امریکا کی 'دھوکا دہی والی فطرت' کے باعث ایران ان مذاکرات میں محتاط انداز اپنائے گا، لیکن اس کے باوجود سفارتی عمل کو آگے بڑھانے کے لیے سنجیدہ ہے۔ انہوں نے پاکستان کی ان کوششوں کو بھی سراہا جن کے نتیجے میں امریکا اور ایران کے درمیان عبوری جنگ بندی ممکن ہوئی۔ ایرانی نائب صدر کا کہنا تھا کہ ایران

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37

## کراچی میں 3 روز کے دوران موسم گرم رہنے کا امکان ہے، محکمہ موسمیات

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں آئندہ تین روز کے دوران موسم گرم رہنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق شہر میں آئندہ تین روز کے دوران موسم گرم اور خشک رہ سکتا ہے۔ محکمہ موسمیات نے بتایا کہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38

## کراچی میں سیف سٹی پروجیکٹ فیز ٹو کی منظوری

**شہر میں مزید 2300 کیمرے لگائے جائیں گے، وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ**

شہریوں کے جان و مال کی حفاظت و تحفظ حکومت کی اولین ذمہ داری ہے، اجلاس سے خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ سندھ نے کراچی سیف سٹی پروجیکٹ فیز ٹو کی منظوری دے دی جس کے تحت شہر میں مجموعی طور پر 2 ہزار 300 سے زائد اسمارٹ کیمرے نصب کیے جائیں گے۔ وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی زیر صدارت کراچی سیف سٹی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39

## پولیس کارروائی کے دوران منشیات فروشوں کی فائرنگ سے خاتون زخمی

کراچی (کرائم رپورٹر) شرافی گوٹھ کے علاقے ہاشم گبول گوٹھ میں پولیس کارروائی کے دوران منشیات فروشوں کی فائرنگ سے خاتون پیٹ میں گولی لگنے سے شدید زخمی ہوگئی۔ پولیس کے مطابق زخمی خاتون 60

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43

## گھات لگائے ملزمان کی فائرنگ، مسجد کی دہلیز پر نمازی قتل

کراچی (کرائم رپورٹر) نارتھ کراچی سیکٹر فائیو سی ون میں گھات لگائے ملزمان کی فائرنگ سے مسجد کی دہلیز پر ایک نمازی جاں بحق ہوگیا، مقتول کی 6 ماہ قبل شادی ہوئی تھی۔ تفصیلات کے مطابق خواجہ اجمیر نگری کے علاقے نارتھ کراچی سیکٹر 5 سی ون فاروق اعظم مسجد کی دہلیز پر جمعہ کی صبح نماز فجر کے وقت گھات لگائے بیٹھے موٹر سائیکل سوار ملزمان کی فائرنگ سے ایک نمازی جاں بحق ہوگیا۔







آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ ABC CERTIFIED
بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)
DAILY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
ETTELAATKHI@GMAIL.COM
ایڈیٹر: میاں طارق جاوید
فوری رابطہ:
0333-3424317
0300-7002722
0320-3055279
For Ads : 0331-2407401





آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
ABC CERTIFIED
بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)
DALIY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
بانی سیدہ زاہدہ سلطانہ
چیف ایڈیٹر طاہر ملک
ایڈیٹر: میاں طارق جاوید
ETTELAATKHI@GMAIL.COM
پبلشر سید محمد کمال نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مشرق بلڈنگ آفس نمبر 103 کورٹ روڈ کراچی سے شائع کیا۔ (ریزیڈنٹ ایڈیٹر: تحسین کمال)

# پاکستان کا تدبر، سفارت اور عالمی امن

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے ساتھ جاری کشیدگی کے تناظر میں ایک بار پھر سخت بیان دیتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ اگر کسی بھی وجہ سے صورتحال غیر متوقع ہوئی تو ایران پر پہلے سے زیادہ بڑے اور طاقتور حملے کیے جائیں گے۔ اسرائیلی وزیر اعظم بنیامین نیتن یاہو نے ایک بار پھر ایران کے ساتھ جاری کشیدگی پر سخت موقف اختیار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسرائیل کسی بھی وقت جنگ دوبارہ شروع کرنے کے لیے مکمل طور پر تیار ہے۔ لبنان پر اسرائیلی حملوں کو امریکا جنگ بندی معاہدے کی خلاف ورزی قرار دیتے ہوئے ایران نے آبنائے ہرمز میں جہازوں کی آمد و رفت دوبارہ بند کر دی۔ ایران نے خبردار کیا ہے کہ اگر اسرائیل لبنان پر حملے جاری رکھتا ہے تو وہ امریکا کے ساتھ طے شدہ جنگ بندی معاہدے سے دستبردار ہو سکتا ہے۔ اس سے قبل وائٹ ہاس کی پریس سیکریٹری نے بتایا تھا کہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنی مذاکراتی ٹیم کو اسلام آباد بھیجنے کا فیصلہ کیا ہے۔ مشرق وسطیٰ کی سیاست کو اگر ایک ایسے آئینے سے دیکھا جائے جس میں تاریخ، طاقت، عقیدہ اور معیشت بیک وقت منعکس ہوتے ہوں تو حالیہ بحران اس آئینے پر پڑنے والی ایک شدید دراڑ کی مانند محسوس ہوتا ہے۔ یہ دراڑ محض دو یا تین ریاستوں کے درمیان کشیدگی کا نتیجہ نہیں بلکہ ایک ایسے عالمی نظام کی کمزوری کا اظہار ہے جو بظاہر مستحکم مگر اندر سے تضادات سے بھرا ہوا ہے۔ ایران اور امریکا کے درمیان بڑھتی ہوئی محاذ آرائی، اسرائیل کی مسلسل عسکری پیش قدمی اور لبنان میں جاری تباہی نے ایک ایسا ماحول پیدا کیا جس میں کسی بھی لمحے ایک محدود تنازعہ ایک وسیع جنگ میں تبدیل ہو سکتا تھا، ایسے میں اگر کوئی قوت توازن، تدبر اور مفاہمت کی علامت بن کر سامنے آئی تو وہ پاکستان تھا، جس نے نہ صرف اپنے علاقائی کردار کو از سر نو متعین کیا بلکہ عالمی سفارتکاری میں ایک نئی جہت کا اضافہ بھی کیا۔ یہ حقیقت اپنی جگہ مسلم ہے کہ عالمی سیاست میں ثالث کا کردار ادا کرنا کسی بھی ریاست کے لیے آسان نہیں ہوتا، خاص طور پر اس وقت جب فریقین کے درمیان بداعتمادی اپنی انتہا کو پہنچ چکی ہو۔ یہاں صرف بیانات یا رسمی ملاقاتیں کافی نہیں ہوتیں بلکہ ایک ایسی حکمت عملی درکار ہوتی ہے جو بیک وقت کئی سطحوں پر کام کرے۔ پاکستان نے اس بحران میں یہی حکمت عملی اختیار کی، جہاں ایک طرف رسمی سفارتی چینلز کو متحرک رکھا گیا، وہیں دوسری طرف بیک چینل روابط کے ذریعے اعتماد سازی کا ایک خاموش مگر موثر عمل جاری رکھا گیا۔ یہی وہ امتزاج تھا جس نے پاکستان کو ایک قابل اعتماد ثالث کے طور پر ابھارا۔ کشیدگی کی نوعیت کو سمجھنے کے لیے ضروری ہے کہ اس کے پس منظر میں کارفرما عوامل کا جائزہ لیا جائے۔ ایران کے لیے یہ معاملہ صرف سیکیورٹی یا عسکری برتری کا نہیں بلکہ خود مختاری، نظریاتی شناخت اور علاقائی اثر و رسوخ کا سوال بھی ہے۔ دوسری جانب امریکا اپنے عالمی کردار کو برقرار رکھنے کے لیے ایسے کسی بھی امکان کو محدود کرنا چاہتا ہے۔

## اسلام آباد مذاکرات: دنیا میں امن کی نئی امید



تحریر: طاہر ملک
چیف ایڈیٹر روزنامہ اطلاعات کراچی

ایران اور امریکہ کے درمیان جاری کشیدگی بالآخر اختتام کی طرف بڑھ رہی ہے اور آج اسلام آباد میں ہونے والے مذاکرات سے اس جنگی ماحول کے مکمل خاتمے کی امید کی جا رہی ہے۔ اس پیش رفت کے بعد دنیا بھر میں پھیلی بے چینی بھی کم ہونے کی توقع ہے۔ انشاء اللہ، یہ امن عمل نہ صرف خطے بلکہ پوری دنیا کے لیے سکون کا باعث بنے گا۔ عالمی سطح پر بڑھتی ہوئی جنگی فضا نے جہاں کئی ممالک کو تشویش میں مبتلا کر رکھا تھا، وہیں پاکستان نے ایک ذمہ دار ریاست کے طور پر اپنا مثبت کردار ادا کیا اور امن کی بحالی کے لیے بھرپور کوششیں کیں۔

اس تمام صورتحال میں وزیر اعظم پاکستان میاں شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا کردار نہایت اہم اور قابل تحسین رہا ہے۔ دونوں قیادتوں نے نہایت حکمت اور تدبر کے ساتھ عالمی طاقتوں کے درمیان پل کا کردار ادا کیا، جس کے نتیجے میں مذاکرات کی راہ ہموار ... میں امن کے قیام کے لیے سنجیدہ اور فعال کردار ادا کر سکتا ہے۔

تاہم، اس کامیابی کو ہر کوئی مثبت انداز میں نہیں دیکھ رہا۔ خاص طور پر پڑوسی ملک بھارت کے بعض میڈیا چینلز اور اخبارات میں پاکستان کے خلاف منفی پروپیگنڈا کیا جا رہا ہے، جو افسوسناک ہے۔ اس کے علاوہ پاکستان کے اندر بھی کچھ عناصر اور سیاسی گروہ ایسے ہیں جو اس جنگ بندی کے خلاف آواز اٹھا رہے ہیں اور سوشل میڈیا پر قیادت کے خلاف مہم چلا رہے ہیں۔ یہ رویہ قومی مفاد کے منافی ہے اور ایسے عناصر کو چاہیے کہ وہ ذاتی اختلافات سے بالاتر ہو کر ملکی مفاد کو ترجیح دیں۔

ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم سب بطور قوم اس مثبت پیش رفت کو سراہیں اور اپنی قیادت کو خراج تحسین پیش کریں۔ ہمیں چاہیے کہ ایسے افراد اور گروہوں سے دوری اختیار کریں جو پاکستان کے خلاف منفی بیانیہ پھیلاتے ہیں ...

## کراچی کی پکار: قومی قیادت سے فوری توجہ کی اپیل



تحریر: اسلم خان
چیئرمین کراچی گرینڈ الائنس

دنیا بھر کے پیچیدہ مسائل کو جس انداز میں ہمارے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور وزیر اعظم جناب شہباز شریف نے دانشمندی اور جرأت کے ساتھ حل کرنے میں اپنا کردار ادا کیا ہے، وہ واقعی قابل تحسین ہے۔ عالمی سطح پر کشیدگی کم کرنا، سفارتی محاذ پر کامیابیاں حاصل کرنا اور پاکستان کا مثبت تشخص اجاگر کرنا ایک بڑی کامیابی ہے۔ ان اقدامات نے نہ صرف ... جیسی ہو چکی ہے۔

یہ وقت ہے کہ قومی قیادت اپنی توجہ عالمی مسائل کے ساتھ ساتھ اندرون ملک، خاص طور پر کراچی کے سنگین حالات پر بھی مرکوز کرے۔ اگر دنیا کے بڑے تنازعات کو سنبھالا جا سکتا ہے تو کراچی کے مسائل کا حل بھی کوئی ناممکن نہیں۔ ضرورت صرف سنجیدہ ارادے، موثر حکمت عملی اور فوری اقدامات کی ہے۔ شہریوں ...

## بین الاقوامی یوم انسانی خلائی پرواز انسان کے خوابوں کی تعبیر



تحریر: مریم امجد
اطلاعات ڈیجیٹل

ہر سال 12 اپریل کو دنیا بھر میں بین الاقوامی یوم انسانی خلائی پرواز منایا جاتا ہے۔ یہ دن انسان کی اس تاریخی کامیابی کی یاد میں منایا جاتا ہے جب 1961 میں Yuri Gagarin نے پہلی مرتبہ خلا کا سفر کیا اور انسانیت کے لیے ایک نیا باب کھولا۔ یہ دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ انسان کی جستجو، ہمت اور سائنسی ترقی کس طرح ناممکن کو ممکن بنا دیتی ہے ...

پاکستان میں بھی اس دن کی اہمیت کم نہیں ہے۔ ہمارا ملک اگرچہ ابھی انسانی خلائی مشن میں براہ راست شامل نہیں، لیکن SUPARCO کے ذریعے خلائی تحقیق میں مسلسل ترقی کر رہا ہے۔ پاکستان نے سیٹلائٹس لانچ کر کے مواصلات، موسم کی پیشگوئی اور قدرتی آفات کی نگرانی میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ نوجوان نسل میں سائنسی شعور ...



وی رائٹ اسکول کی سالانہ تقریب میں نمایاں طلبہ کو ایوارڈ دیے گئے، راجہ محمد اویس، پرویز خان و دیگر کے ہمراہ ٹیچرز کا گروپ فوٹو

### پاکستان کی کامیاب سفارت کاری، ایران، امریکہ عارضی جنگ بندی کا خیر مقدم، پروین بٹ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی سینئر رہنما و سوشل ورکر پروین بٹ نے پاکستان کی کامیاب سفارت کاری کو سراہتے ہوئے ایران اور امریکہ کے درمیان حالیہ کشیدگی میں عارضی جنگ بندی کو خوش آئند قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف اور آرمی چیف عاصم منیر کی مدبرانہ قیادت اور موثر سفارتی کوششوں کے باعث خطے میں ایک بڑی تباہی ٹل گئی ہے۔



مانیٹرنگ ایڈوائزری کونسل پاکستان کی جانب سے ... والدین کو تحائف اور عیدی تقسیم کر رہے ہیں

## جنگ بندی میں پاکستان کا کردار تاریخی ہے، ڈاکٹر مفتی عبدالغفور

### مولانا الیاس چنیوٹی کی ہدایات پر انٹرنیشنل ختم نبوت سندھ نے صوبہ بھر میں یوم تشکر منایا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) انٹرنیشنل ختم نبوت صوبہ سندھ کے امیر ڈاکٹر مفتی عبدالغفور اشرفی نے کہا ہے کہ امیر انٹرنیشنل ختم نبوت مولانا الیاس چنیوٹی، جنرل سیکریٹری مولانا زاہد محمود قاسمی، امیر مرکزیہ ڈاکٹر سعید عنایت اللہ، ڈاکٹر احمد علی سراج مدینہ منورہ کی ہدایت پر سندھ بھر میں یوم تشکر منایا گیا اور اس سلسلے میں نماز جمعہ کے اجتماعات میں امریکہ، ایران جنگ بندی میں پاکستان کے کردار کو تاریخی قرار دیا گیا ... نماز جمعہ کے اجتماعات سے خطاب میں کہنا تھا کہ یہ اللہ تعالیٰ کا خاص فضل ہے کہ پاکستان کو عالم اسلام کے اہم معاملات میں نمایاں مقام حاصل ہو رہا ہے، بالخصوص مشرق وسطیٰ کی موجودہ صورتحال میں امن کے قیام اور خونریزی کے خاتمے کے لیے پاکستان کو ایک اہم اور مدبرانہ کردار ادا کرنا پڑا ہے ...

### سانحہ گل پلازہ کی جوڈیشل کمیشن کی رپورٹ پبلک کی جائے، ایم پی پی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایم پی پی (مہری پیجان پاکستان) کی کراچی آرگنائزنگ کمیٹی اور ناظم کمیٹی صدر نے وزیر اعلیٰ سندھ سے مطالبہ کیا ہے کہ سانحہ گل پلازہ کی جوڈیشل کمیشن کی رپورٹ پبلک کی جائے۔ عوام کو پتہ چلنا چاہیے کہ کیا حقائق سامنے آئے ہم حکومتی پریس ریلیز پر یقین نہیں کر سکتے ...

## ڈاؤ یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز میں احتسابی عمل جاری

### ریڈیولوجی کی سابق ڈائریکٹر کی عمر میں تضاد سے متعلق اہم انکشافات

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈاؤ یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز میں جاری احتسابی عمل کے دوران ریڈیولوجی ڈیپارٹمنٹ کی سابق ڈائریکٹر، پروفیسر نسرین ناز سے متعلق اہم انکشافات سامنے آئے ہیں، جس کے بعد معاملہ تحقیقات کے دائرے میں آ گیا ہے۔ سرکاری دستاویزات کے مطابق پروفیسر نسرین ناز 18 جولائی 2023 کو عمر کی حد مکمل ہونے پر ریٹائر ہو چکی تھیں۔ تاہم یہ صورتحال اس وقت واضح ہوئی جب 18 فروری 2026 کو جاری کیے گئے ایک باضابطہ نوٹیفکیشن میں ان کی ریٹائرمنٹ کی تصدیق سامنے آئی ...

### وی رائٹ اسکول کی جانب سے شاندار سالانہ تقریب کا انعقاد کیا گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وی رائٹ اسکول کی جانب سے شاندار سالانہ تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں طلبہ نے ٹیبلو، ملی نغمے اور دیگر خوبصورت پرفارمنس پیش کر کے حاضرین کے دل جیت لیے۔ تقریب کے دوران نمایاں کارکردگی دکھانے والے بچوں میں ایوارڈز اور شیلڈز تقسیم کی گئیں۔ اس موقع پر اساتذہ کرام کی بہترین کارکردگی کو بھی سراہا گیا اور انہیں تحائف پیش کیے گئے۔ تقریب میں والدین کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور بچوں کی صلاحیتوں کو خوب سراہا۔ تقریب کے مہمانان خصوصی میں راجہ محمد اویس (سی ای او ایجوکیشن) اور محمد پرویز خان (سی ای او ایجوکیشن سلوشن) شامل تھے۔



جامع مسجد فردوس پاکستان کوارٹرز میں جمعہ کے اجتماع میں چیئرمین نظام مصطفیٰ پارٹی سابق وفاقی وزیر ڈاکٹر حاجی حنیف طیب "امریکہ و ایران کے درمیان ایک ماہ کی جنگ بندی میں پاکستان کا سفارتی ثالثی کردار" پر خراج تحسین پیش کر رہے ہیں

### کشیدگی میں پاک فوج کا کردار دنیا کو بڑی تباہی سے بچا گیا، موتی والا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی تاجر الائنس کے چیئرمین و بانی عام آدمی پاکستان الیاس میمن موتی والا نے ... افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایران میں پیدا ہونے والی کشیدگی کے دوران پاک فوج کے ذمہ دارانہ اور موثر کردار نے دنیا کو ایک بڑی تباہی سے بچانے میں اہم کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ مشکل علاقائی صورتحال میں پاکستان نے دانشمندی، سفارتی بصیرت اور دفاعی حکمت عملی کا مظاہرہ کرتے ہوئے امن کے قیام میں مثبت کردار ادا کیا۔



صدر ٹاؤن کے ملازمین میونسپل کمشنر اور چیف میڈیکل آفیسر کی عدم تعیناتی کے خلاف احتجاج کر رہے ہیں

## تعلیمی میدان میں کامیابی محنت اور مستقل مزاجی سے حاصل ہوتی ہے، عظمیٰ کنول

### مستقبل میں بھی طلبہ کی بہترین تعلیم و تربیت کے لیے اپنی کاوشیں جاری رکھیں گے، انتظامیہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی کے علاقے احسن آباد سوسائٹی، گڈاپ ٹاؤن میں واقع ملٹری گرامر اسکول کا سالانہ نتائج کی تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں بچوں نے بھرپور شرکت کرتے ہوئے اپنی صلاحیتوں کا شاندار مظاہرہ پیش کیا ... سالانہ امتحانات میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ میں شیلڈز، میڈلز اور انعامات تقسیم کیے گئے۔ تقریب میں والدین کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور بچوں کی کارکردگی کو سراہا ...

### گلوکار احمد رشدی کی 43 ویں برسی 11 اپریل 2026 کو عقیدت و احترام کیساتھ منائی جائے گی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) برصغیر پاک و ہند کے نامور گلوکار احمد رشدی کی 43 ویں برسی 11 اپریل کو ایوان آرگنائزیشن میں منائی جائے گی۔ اس موقع پر تعزیتی اجتماع کا اہتمام کیا جائے گا، جس میں احمد رشدی کی فنی زندگی پر روشنی ڈالی جائے گی ...

## مہنگائی اور معاشی دباؤ نے عام شہری کی زندگی شدید متاثر کر رکھی ہے، شمسہ مہ جبین

### صدائے انسانیت سوشل ویلفیئر آرگنائزیشن محدود وسائل کے باوجود خدمتِ انسانیت کے مشن کو آگے بڑھا رہی ہے

### شفافیت، دیانتداری اور جوابدہی ہمارے فلاحی مشن کی بنیادی اقدار ہیں جن پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جاتا، ماہ جبین

کراچی (اسٹاف رپورٹر) صدائے انسانیت سوشل ویلفیئر آرگنائزیشن کی صدر شمسہ مہ جبین نے کہا ہے کہ ہمارا بنیادی مقصد معاشرے کے مستحق، غریب اور بے سہارا افراد کی مدد کرنا ہے ...

### پٹرول کی قیمتوں میں اضافے نے ماہی گیری کے شعبے کو بحران سے دوچار کر دیا، رفیق داؤد دت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی ضلع کیماڑی کے نائب صدر اور وائس چیئرمین ماڑی پور ٹاؤن میونسپل کارپوریشن ابراہیم حیدری رفیق داؤد دت نے کہا ہے کہ پیٹرولیم مصنوعات خصوصاً ڈیزل کی قیمتوں میں حالیہ اضافے نے ماہی گیری کے شعبے کو شدید بحران سے دوچار کر دیا ہے ...

### فی تولہ سونے کے بھاؤ میں 3 ہزار روپے کا اضافہ ریکارڈ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ملک بھر میں جمعہ کو فی تولہ سونے کے بھاؤ میں 3 ہزار روپے کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ آل پاکستان جیمز اینڈ جیولرز کے مطابق تین ہزار روپے کے اضافے کے بعد فی تولہ سونے کی قیمت 4 لاکھ 97 ہزار 662 روپے ہو گئی ہے۔ اس کے علاوہ دس گرام سونے کا بھاؤ 2572 روپے اضافے سے 4 لاکھ 26 ہزار 664 روپے ہو گیا ہے۔

## جماعت اسلامی نارتھ کراچی کے تحت سوئی گیس کی لوڈشیڈنگ کیخلاف احتجاج

### گیس کمپنی کے خلاف شدید نعرے بازی، گیس فراہمی بحال نہ ہوئی تو احتجاج کا دائرہ وسیع کیا جائے گا، شکیل احمد

### گھروں کے چولہے ٹھنڈے پڑ چکے ہیں اور عوام شدید مشکلات کا شکار ہیں، یہ صورتحال مزید برداشت نہیں کی جا سکتی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی کے علاقے نارتھ کراچی اجمیر نگری میں سوئی سدرن گیس کمپنی کی غیر اعلانیہ اور طویل گیس بندش کے خلاف شہریوں کا صبر جواب دے گیا۔ جماعت اسلامی کے تحت منعقدہ احتجاجی مظاہرے ...



ملٹری گرامر اسکول احسن آباد کی سالانہ نتائج کی تقریب کے موقع پر پرنسپل عظمیٰ کنول، عاصم و دیگر موجود ہیں

### علیگڑھ انسٹیٹیوٹ میں انگریزی زبان کورس پروگرام کا سپیلیشن کامیابی سے مکمل

کراچی (اسٹاف رپورٹر) دور حاضر میں تعلیمی تعلیم کے ساتھ انگریزی زبان پر عبور ناگزیر حیثیت اختیار کر چکا ہے۔ اسی ضرورت کو مد نظر رکھتے ہوئے علیگڑھ انسٹیٹیوٹ آف ٹیکنالوجی، کراچی نے طلبا کے لیے ایک منفرد اور جامع پروگرام انگلش لینگویج پروگرام متعارف کرایا۔ تین ماہ کے مختصر کورس کی صورت میں کامیابی سے مکمل کیا گیا۔ اس پروگرام میں مختلف شعبہ جات سے 51 طلبا نے شرکت کی۔

## فیلڈ مارشل عاصم منیر کو نوبل امن انعام دیا جائے، حاجی جمیل ضیا

### فیلڈ مارشل عاصم منیر کی قیادت میں خطہ بڑی جنگ سے بچ گیا، چیئرمین اورنگی ٹاؤن

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما و ٹاؤن چیئرمین اورنگی ٹاؤن حاجی جمیل ضیا نے آفس میں افواج پاکستان سے اظہار یکجہتی کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاک فوج کے سپہ سالار فیلڈ مارشل عاصم منیر کو خطے میں امن، دہشتگردی کے خاتمے اور عالمی سطح پر پاکستان کے مثبت کردار کے باعث نوبل امن انعام دیا جانا چاہیے ... اس موقع پر وائس ٹاؤن چیئرمین ... دیگر رہنما بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ ایران جنگ کے دوران جس دانشمندی، حکمت عملی اور پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ پاکستان نے حالات کو سنبھالا، اس نے پوری دنیا میں پاک فوج کی صلاحیتوں اور قائدانہ کردار کو نمایاں کیا۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر کی قیادت میں نہ صرف پاکستان کے داخلی امن کو مستحکم کیا گیا بلکہ خطے کو ایک بڑی جنگ سے بچانے میں بھی اہم کردار ادا کیا گیا۔

### بنیادی حقوق کی شقوں پر عملدرآمد کیا جائے، اسلم فاروقی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان کی ادارہ کی تنظیم محب قومی عوامی کونسل (ایم کیو ایس) پاکستان کے چیئرمین محب وطن ملک رہنما محمد اسلم خان فاروقی نے کہا ہے کہ ہم دستور کا تقاضہ ہے کہ محض زبانی بیان بازی کے بجائے آئین میں دی گئی بنیادی حقوق کی شقوں پر فی الفور عملدرآمد کیا جائے ... بارش میں ایک بڑے حادثے کے باعث انتقال پر تعزیت کا اظہار۔

### امارات کے 2 ارب ڈالرز واپس لینے کی صورت میں متبادل حل دیدیا ہے، چیئرمین اپٹما

کراچی (اسٹاف رپورٹر) آل پاکستان ٹیکسٹائل ملز ایسوسی ایشن (اپٹما) کے چیئرمین کامران ارشد نے کہا ہے کہ متحدہ عرب امارات (یو اے ای) کی طرف سے 2 ارب ڈالرز واپس لینے کی صورت میں متبادل حل دے دیا ہے۔ کامران ارشد نے بتایا کہ صنعت کار 2 ارب ڈالرز کا فنڈ بنا کر اسٹیٹ بینک کو جمع کروانے پر غور کر رہے ہیں، ہم حکومت کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں کوئی مسئلہ نہیں آنے دیں گے۔

## پاکستان کو اقوام متحدہ میں ویٹو پاور کا حق دیا جائے، عادل جارج مٹو

### دنیا عالمی جنگ کے دہانے پر کھڑی تھی، تمام ملکوں کا پہیہ جام ہونے والا تھا، کرسچن رائٹس ڈیفنس کونسل

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کرسچن رائٹس ڈیفنس کونسل (سی آر ڈی سی) کے چیئرمین اور انٹر فیتھ ہم آہنگی کے علمبردار عادل جارج مٹو نے اسلام آباد میں ایران امریکہ امن مذاکرات کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ دنیا عالمی جنگ کے دہانے پر کھڑی تھی اور تمام ملکوں کا پہیہ جام ہونے والا تھا ... فیلڈ مارشل حافظ سید عاصم منیر کے جرأت مندانہ اقدام سے پاکستانی قوم کا دنیا میں سر فخر سے بلند ہو گیا ہے ...

## پاکستان کی سفارتی کوششوں سے جنگ بندی کا معاہدہ طے پایا، حنیف طیب

### جنگیں کبھی کسی مسئلہ کا مستقل حل نہیں، مذاکرات ہی واحد راستہ ہے، سابق وفاقی وزیر پیٹرولیم

کراچی (اسٹاف رپورٹر) نظام مصطفیٰ پارٹی کے چیئرمین سابق وفاقی وزیر پیٹرولیم ڈاکٹر حاجی محمد حنیف طیب نے جامع مسجد فردوس پاکستان کوارٹرز میں جمعہ کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قرآن مجید کی سورہ مائدہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے "اے ایمان والو! تم یہود و نصاریٰ کو دوست نہ بناؤ ..." اسرائیل اور امریکہ نے منظم طور پر فضائی حملوں میں غزہ فلسطین میں 70 ہزار سے زائد مسلمان مرد، خواتین، بچے، بزرگوں کو شہید کر دیا ...



آرٹس کونسل میں جرأت اظہار اور آزادی صحافت سے متعلق "علی احمد خان کی نمایاں خدمات کے اعتراف میں لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ" کے موقع پر ایوارڈ یافتگان کا گروپ فوٹو



کراچی کے علاقے نارتھ کراچی اجمیر نگری میں سوئی سدرن گیس کمپنی کی غیر اعلانیہ اور طویل گیس بندش کے خلاف شہری احتجاجی مظاہرہ کر رہے ہیں

## بقیہ نمبر 01 اطلاعات

چیئرمین گلبرگ ٹاؤن نصرت اللہ نے ریٹائرڈ ہونے والے ملازمین سے بات کرتے ہوئے کہا کہ یہ ادائیگیاں آپ لوگوں کی خدمات کے اعتراف اور ان کے واجبات کی بروقت فراہمی منتخب بلدیاتی قیادت کے عزم کا مظہر ہیں ایماندار اور محنتی ملازمین گلبرگ ٹاؤن کا حقیقی اثاثہ ہیں۔ ان کی طویل خدمات کا تقاضہ ہے کہ ان کے واجبات فوری اور مکمل طور پر ادا کیے جائیں تاکہ وہ اپنی ریٹائرمنٹ کے بعد مالی مشکلات سے محفوظ رہیں۔" انہوں نے مزید بتایا کہ یہ سب ڈیپارٹمنٹوں کی فوری کارروائی اور میونسپل کمشنر محمد نواز میرکی کاوشوں سے ممکن ہوا اور محکمہ فنانس کی خدمات کو سراہتے ہوئے خاص طور پر اکاؤنٹ ڈپارٹمنٹ اور بجٹ آفیسر وسیم احمد کا شکریہ ادا کیا جن کی انتھک محنت کے باعث تمام ریٹائرڈ ملازمین کو واجبات کی بروقت ادائیگی ممکن ہوئی" ریٹائرڈ ملازمین کی امیدیں لیو انکیشمنٹ اور پنشن سے وابستہ ہوتی ہیں۔ ہماری کوشش ہوتی ہے کہ یہ رقم ان ملازمین کو بروقت ادا کر دی جائے ٹاؤن انتظامیہ یہ تمام رقم O.Z.T فنڈ اور اپنے آن سورسز سے ادا کر رہا ہے تقریب کے اختتام پر ریٹائرڈ ملازمین نے گلبرگ ٹاؤن کی انتظامیہ اور چیئرمین نصرت اللہ کا بروقت واجبات ادا کرتے پر شکریہ ادا کیا۔

## بقیہ نمبر 02 اطلاعات

پر آمادہ نظر نہیں آتی۔ یہ مطالبہ جمعرات کی شب فکر کراچی نشست کے عنوان سے یونیورسٹی روڈ پر واقع ایک مقامی شادی ہال میں منعقدہ اجتماع میں کیا گیا، جس کی صدارت سابق چیف جسٹس سندھ جسٹس وجیہ الدین صدیقی نے کی۔ تقریب میں کراچی کی مختلف سیاسی و سماجی جماعتوں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر مہری پہچان پاکستان پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عشرت العباد کے سیکریٹری اطلاعات رضوان فکری، کراچی آفیسرز ایسوسی ایشن کے نمائندگان اور مختلف سیاسی جماعتوں کے عہدیداران بھی موجود تھے۔

## بقیہ نمبر 03 اطلاعات

اطراف بلاک یو پی 5 میں نیو کراچی کے مختلف مقامات پر گرینڈ آپریشن کیا گیا۔ اس دوران کا نٹرز، ٹھیلے پتھارے، اسٹالز، کیبنز اور دیگر غیر قانونی تجاوزات کو ہٹا کر سڑکوں اور فٹ پاتھوں کو کلیئر کر دیا گیا۔ کارروائی کے نتیجے میں نہ صرف ٹریفک کی روانی میں نمایاں بہتری آئی بلکہ شہریوں کو آمد و رفت میں درپیش مشکلات سے بھی خاطر خواہ ریلیف ملا۔ آپریشن کے دوران سرکاری اراضی پر قائم رکاوٹوں کو مکمل طور پر ختم کیا گیا اور سامان کو ضبط بھی کیا گیا تاکہ آئندہ ایسی خلاف ورزیوں کی حوصلہ شکنی کی جاسکے۔ چیئرمین ڈاکٹر نوید احمد نے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ تجاوزات کے خاتمے کے لیے جاری آپریشنز کو مستقل بنیادوں پر جاری رکھا جائے گا اور کسی بھی صورت سرکاری اراضی پر غیر قانونی قبضے کی اجازت نہیں دی جائے گی، جبکہ شہریوں کو سہولت کی فراہمی اور ٹریفک کی روانی کو یقینی بنانا اولین ترجیح ہے۔

## بقیہ نمبر 04 اطلاعات

اورنگی ٹاؤن کے آفس سے شروع ہو کر 5 نمبر چورنگی پر جلسہ کیا، ریلی میں ٹاؤن وائس چیئرمین اورنگی عفان صفیر صدیقی، میونسپل کمشنر آغا فہد احمد خان، پارلیمانی لیڈر وائس چیئرمین یوسی 08 آغا محمد حنیف خان، ٹاؤن کونسلر اقرا صدیقی، لیبر کونسلر مراد بخش، حقیقی کونسلر لیمن پی ایس 95 کے جنرل سیکریٹری طارق علی، صدر پیپلز یوتھ آرگنائزیشن پی ایس 119 اورنگی ٹاؤن ندیم ساگر، پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر کارکن شہزادہ گلفام، تاجر برادری، سول سوسائٹی کے نمائندوں، علاقائی معززین، بلدیاتی افسران و عملہ، اساتذہ کرام، طلبہ و طالبات اور ہزاروں کی تعداد میں عوام نے ریلی میں شرکت کی۔ یوم تشکر ریلی کے شرکا سے گفتگو کرتے ہوئے ٹاؤن چیئرمین حاجی جمیل ضیا نے کہا کہ موجودہ عالمی حالات میں پاکستان نہ صرف ایک ذمہ دار ریاست کے طور پر ابھرا ہے بلکہ اس نے عالمی سطح پر امن کے قیام میں ایک کلیدی اور موثر کردار ادا کرتے ہوئے دنیا کی توجہ اپنی جانب مبذول کروائی ہے، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کروڑوں لوگوں کی جان بچائی۔ مردود انڈیا جو کہ پاکستان کو سازشوں کے ذریعے دنیا میں تنہا کرنا چاہتا تھا ہم نے انڈیا کو مئی 2025 میں منہ توڑ جواب دیا تھا آج وہ دنیا میں تنہا ہو گیا ہے پاکستان کی سیاسی قیادت صدر پاکستان آصف علی زرداری، وزیر اعظم پاکستان شہباز شریف، چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی و سابق وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری اور چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل حافظ سید عاصم منیر کی عسکری سفارتکاری کی بدولت پاکستان پوری دنیا کی توجہ کا مرکز ہے جمعہ 10 اپریل سے اسلام آباد میں امریکا اور ایران کے درمیان مذاکرات پاکستان کی میزبانی میں ہو رہے ہیں۔

## بقیہ نمبر 05 اطلاعات

تعزیت اور افسوس کا اظہار کیا۔ اس موقع پر پیر طریقت رہبر شریعت نے مرحوم میر بابل خان جکھرانی کی مغفرت، ایصال ثواب اور درجات کی بلندی کے لیے خصوصی دعا فرمائی اور پسماندگان کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔

## بقیہ نمبر 06 اطلاعات

راہداری (CPEC) کے سماجی ثمرات عام کرنے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ "ہمارا مشن ہمیشہ سے یہ رہا ہے کہ معیاری علاج ہر انسان کا حق ہے، نہ کہ صرف مراعات یافتہ طبقے کا۔ گوادر اسپتال کی تعمیر بلوچستان کے عوام کے لیے ہمارے عزم کا ثبوت ہے، اور ہم ان خدمات کو مزید بہتر بنانے کے لیے اپنے چینی شراکت داروں کے تعاون کا خیر مقدم کرتے ہیں۔" ڈاکٹر عبدالباری خان نے گفتگو کرتے ہوئے کہا۔ ملاقات کے اہم نکات: مشترکہ تعاون: قونصل جنرل یانگ یون ڈونگ نے انڈس اسپتال کی "شاندار خدمات" کو سراہا اور انسانی ہمدردی کے ان منصوبوں میں تعاون جاری رکھنے کے لیے باہمی رابطے بڑھانے پر اتفاق کیا۔ گوادر کی ترقی: فریقین نے گوادر میں صحت کی سہولیات کی تزویراتی اہمیت پر تبادلہ خیال کیا، جو کہ کمیونٹی کے استحکام اور دوطرفہ تعاون کا ایک اہم ستون ہے۔ دورہ انڈس اسپتال: چینی قونصل جنرل نے قریبی ایام میں انڈس اسپتال کا دورہ کرنے کا وعدہ کیا تاکہ وہ اسپتال کے آپریشنز کا خود مشاہدہ کر سکیں اور مستقبل میں تعاون کی نئی راہیں تلاش کی جاسکیں۔ چیئرمین چنگیز حسین خان اور ہم بلوچستان نے اس موقع پر بلوچستان کونسل کے کردار پر روشنی ڈالی جو اداروں کے درمیان روابط قائم کرنے اور ایسے اقدامات کو فروغ دینے کے لیے کوشاں ہے جن کا براہ راست فائدہ بلوچستان کے عوام کو پہنچے۔ ملاقات کے اختتام پر اس مشترکہ وژن کا اعادہ کیا گیا کہ بین الاقوامی تعاون اور مقامی مہارت کو یکجا کر کے خطے میں مفت علاج کی فراہمی کو پائیدار بنایا جائے گا۔

## بقیہ نمبر 07 اطلاعات

اس سلسلے میں ہمارے کنٹر جوائنٹ ضرار احمد خان نے نمائندہ وی پی اے میڈیا کو بتایا کہ A/3 کی منی بس نمبر 1235 PE کنڈیکٹر نے لوٹ مار کا بازار گرم کر رکھا ہے کسی سے 100 روپے لے رہا ہے تو واپس نہیں کر رہا ہے کسی سے کرایہ کہ 50 روپے لے رہا ہے تو وہ بھی اپنے پاس رکھ لیے ہیں منی بس کنڈیکٹر نے کہا کہ ہمارے

خلاف جو کارروائی کرنی ہے بڑے شوق سے کرو ہماری اوپر تک پہنچ ہے اگر آپ نے ہماری گاڑی میں سفر کرنا ہے تو خاموش رہو ورنہ گاڑی سے اتر جاؤ حکومت سندھ میں صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ کا وجود نظر ہی نہیں آرہا کیونکہ صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ نے ان کو کوئی جو ہے نا ٹسٹیں پیش نہیں کی کرایہ نامہ کی جس کی وجہ سے ٹرانسپورٹ مافیا بدمعاشی دکھاتے ہوئے ہیں جبکہ حکومت کی جانب سے کرایے کے جدول رکھنے کی ہدایت پر عمل نہیں کیا جا رہا۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ بس اور ویگن مالکان سرکاری احکامات کے باوجود من مانا کرایہ وصول کر رہے ہیں، جس سے عام مسافروں کو شدید مشکلات اور پریشانی کا سامنا ہے۔ اس سلسلے میں وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ اور سیکرٹری ٹرانسپورٹ اور کمشنر کراچی سے پر زور اپیل ہے پبلک ٹرانسپورٹ کو کرایہ نامہ کی لسٹیں دی جائیں اور اس پر عمل درآمد کرایا جائے لسٹ پر عمل نہ کرنے والے ٹرانسپورٹوں کے خلاف بھرپور کارروائی کرتے ہوئے انہیں جیل بھیجا جائے عوام ٹرانسپورٹ مافیا کی من مانی نہیں چلنے دے گی اس سلسلے میں ٹریفک پولیس سے رابطہ قائم کیا گیا تو انہوں نے کہا کہ ہم بے اختیار ہیں ہم کچھ نہیں کر سکتے ہم اپنے ٹریفک پولیس اعلیٰ حکام کے حکم کے پابند ہیں اس سلسلے میں وزیر اعلیٰ سندھ ڈی آئی جی ٹریفک صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ سیکرٹری ٹرانسپورٹ اور کمشنر کراچی سے گزارش ہے کہ پبلک ٹرانسپورٹ مافیا کے خلاف کارروائی کر کے ان کو لگام دی جائے

## بقیہ نمبر 08 اطلاعات

خاطر بھی پلمبنگ کے بارے میں منعقدہ ڈینا سے شرکا کو اس کی اہمیت اور کچھ علاقوں میں پولیو ورکرز کو درپیش مشکلات کا ذکر کیا۔ بالی وڈ میں خدمت عوام ویلفیئر آرگنائزیشن زاہد رحیم، عبدالمعین رئیس کے محمد وحید، کرنگی برادری ماڈل ٹاؤن کے مورس گل اور دیگر سماجی کارکنان نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ آئندہ بھی شروع ہونے والی انسداد پولیو مہم میں پولیو ورکرز اور ضلعی انتظامیہ کے ساتھ مل کر اس مہم کو کامیابی سے ہمکنار کرنے کیلئے بھرپور کوشش کریں گے۔ شرکا کی خواہش پر مہم میں شریک تمام سماجی کارکنان کو ڈپٹی کمشنر آفس کی جانب سے شناختی کارڈ جاری کرائے گئے ہیں اور نمایاں کارکردگی دکھانے والے معززین کو اعتراف خدمت سرٹیفکیٹ بھی دیے جائیں گے۔ ڈی۔ ایچ او کورنگی ڈاکٹر اشفاق حسن، ڈی ڈی۔ پی۔ او ڈاکٹر ایمان، ڈی۔ پی او ڈاکٹر بشریٰ ایس۔ پی۔ او کورنگی مس شمین، اے۔ سی ابوبکر نے بھی پولیو مہم کی اہمیت اور افادیت کو بیان کیا۔

## بقیہ نمبر 09 اطلاعات

مبارکباد کے مستحق ہیں، جن کی قیادت میں پاکستان نے دنیا کو ایک بڑی تباہی سے بچانے میں کلیدی کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ جنرل سید عاصم منیر اور میاں شہباز شریف کی مضبوط، مربوط اور بروقت حکمت عملی نے عالمی طاقتوں کو ایران پر ممکنہ حملے جیسے خطرناک اقدام سے باز رکھنے میں اہم کردار ادا کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان نے ایک ذمہ دار ایٹمی قوت کے طور پر نہایت تدبر، جرات اور دوراندیشی کا مظاہرہ کیا، جو اقوام متحدہ کے چارٹر کے آرٹیکل (4)2 کے تحت طاقت کے استعمال سے گریز اور ریاستی خودمختاری کے اصولوں کی مکمل پاسداری ہے۔ فضل رزاق باچا نے مزید کہا کہ پاکستان کا یہ کردار بین الاقوامی قانون، جنیوا کنونشنز اور انسانی حقوق کے عالمی ضوابط کی حقیقی عکاسی کرتا ہے، جہاں جنگ کے بجائے مذاکرات، ثالثی اور سفارتکاری کو ترجیح دی جاتی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ کسی بھی خودمختار ریاست پر حملہ نہ صرف عالمی قوانین کی خلاف ورزی ہوتا ہے بلکہ خطے اور دنیا کے امن کے لیے شدید خطرہ بن جاتا ہے، اور پاکستان نے اسی خطرے کو بروقت بھانپتے ہوئے دنیا کو ایک بڑے بحران سے نکالا۔ انہوں نے کہا کہ آج دنیا پاکستان کو ایک نئی نظر سے دیکھ رہی ہے، ایک ایسے ملک کے طور پر جو صرف اپنے مفادات نہیں بلکہ عالمی امن، استحکام اور انسانیت کے تحفظ کے لیے عملی اقدامات کرتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ کامیابی پاکستان کی مضبوط قیادت، پیشہ ورانہ افواج اور عظیم سفارتی اداروں کی مشترکہ کاوشوں کا نتیجہ ہے، جس پر پوری قوم کو فخر ہے۔

## بقیہ نمبر 10 اطلاعات

گیری کا شعبہ نہ صرف ساحلی آبادیوں کی معیشت کا بنیادی ستون ہے بلکہ ملکی برآمدات میں بھی اہم کردار ادا کرتا ہے، تاہم موجودہ صورتحال میں یہ شعبہ تقریباً مفلوج ہو کر رہ گیا ہے۔ رفیق داد بچہ نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ ماہی گیروں کو فوری ریلیف فراہم کیا جائے اور ڈیزل پر خصوصی سبسڈی دی جائے تاکہ وہ اپنے پیشے کو جاری رکھ سکیں۔ انہوں نے زور دیا کہ ابراہیم حیدری، مبارک ولیج، کیماڑی، ریڑھی گوٹھ اور ملحقہ علاقوں میں معاشی بدحالی دن بدن بڑھ رہی ہے اور اگر بروقت اقدامات نہ کیے گئے تو بے روزگاری اور غربت میں مزید اضافہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ماہی گیروں کے لیے خصوصی ریلیف پیکج، آسان شرائط پر قرضوں کی فراہمی، اور جدید سہولیات کی دستیابی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت کو چاہیے کہ ماہی گیری کے شعبے کو تحفظ فراہم کرنے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کرے تاکہ اس سے وابستہ لاکھوں افراد کا مستقبل محفوظ بنایا جا سکے۔

## بقیہ نمبر 11 اطلاعات

جناب احمد طلیب اور جناب احمد شاہ بھی موجود تھے۔ علامہ مسعود کی والدہ اور بھائی انس مسعود نے پروگرام میں خصوصی شرکت کی۔ سب نے اپنے خیالات کا اظہار کیا اور علامہ مسعود اور عمران خان کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے زورہ ایونٹ کے نام سے جو آفس کھولا ہے وہ عوام اور اقوام کے لیے ہی نہیں بلکہ ایک عام آدمی کے لیے کھولا گیا ہے اور یہ ہر شعبہ سے تعلق رکھنے والے کے لیے ہے۔ شوبز میں جو آنا چاہتا ہو وہ اس پلیٹ فارم سے آ کر وہ تمام سہولتیں حاصل کر سکے گا جو کسی اور پلیٹ فارم سے نہیں حاصل ہوں گی۔ تقریب کے اختتام پر علامہ مسعود اور عمران خان نے شرکا کا مکمل شکریہ ادا کیا اور امید دیا کہ اس طرح کی تقاریب اور قوالی نائٹ کا جلد ہی اہتمام کیا جائے گا۔"

## بقیہ نمبر 12 اطلاعات

وہ بچے کو اس سے چھیننے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اس نے مزید دعویٰ کیا کہ اس کا بیٹا اور بہو روزانہ کی بنیاد پر اس پر جسمانی تشدد کرتے ہیں اور اسے گھر سے نکالنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اس نے یہ بھی الزام لگایا کہ اس کے بیٹے نے کاروبار شروع کرنے کے بہانے اس کی زندگی کی 900,000 روپے کی رقم لے لی اور رقم واپس نہیں کی۔ جادی چوہان نے کہا کہ اس نے سکھر پولیس میں شکایت درج کرائی ہے، لیکن ابھی تک کوئی کارروائی نہیں کی گئی۔ اس نے اپنی بہو پر یہ بھی الزام لگایا کہ اس نے اپنی نواسی کے حوالے سے عدالت میں اس کے خلاف اغوا کا جھوٹا مقدمہ درج کرایا ہے۔ اس نے مزید کہا کہ اس کا بیٹا اپنی بیوی کے بھائی کے زیر اثر کام کر رہا ہے اور اسے) ظلم ( کا نشانہ بنا رہا ہے۔ اس نے اعلیٰ حکام سے اپیل کی کہ اسے تحفظ فراہم کیا جائے اور انصاف کو یقینی بنایا جائے

## بقیہ نمبر 13 اطلاعات

شکایت کی تو اس کی شنوائی نہیں کی گئی، بلکہ الٹا طلبہ کو دھمکیاں دی گئیں کہ انہیں فیل کر دیا جائے گا۔ پی پی آئی سندھ کے صدر نے کہا کہ شکایات کے باوجود انتظامیہ نے کوئی موثر کارروائی نہیں کی، جس کے باعث بااثر عناصر کو تحفظ ملا اور انصاف فراہم نہ ہو سکا۔ انہوں نے کہا کہ سندھ میں انصاف کا نظام مکمل طور پر ناکام ہو چکا ہے اور بااثر افراد کو کے سامنے قانون بے بس نظر آتا ہے۔ حلیم عادل شیخ نے مزید کہا کہ یہ پہلا واقعہ نہیں ہے، اس سے قبل بھی سندھ میں متعدد افسوسناک کیسز سامنے آ چکے ہیں جن میں چانڈکا میڈیکل کالج کی نمرتا کماری اور نوشین کاظمی، سندھ یونیورسٹی کی نائلہ رند اور نواب شاہ کی پروین رند کے کیسز شامل ہیں، تاہم آج تک کسی بھی واقعے میں مکمل انصاف فراہم نہیں کیا گیا۔ انہوں نے آئی بی اے سکھر کی بچی اور سورہ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ انہوں نے ہراسانی کے خلاف آواز بلند کی لیکن انہیں جھوٹے مقدمات اور دباؤ کا سامنا کرنا پڑا، جس سے ان کی تعلیم بھی متاثر ہوئی۔ پی ٹی آئی سندھ کے مطابق فہمیدہ بخاری کے کیس میں ملوث عناصر تاحال گرفتار نہیں ہو سکے، جبکہ ورثا نے پولیس پر عدم اعتماد کا اظہار کیا ہے۔ حلیم عادل شیخ نے مطالبہ کیا کہ واقعے میں ملوث تمام عناصر کو فوری طور پر گرفتار کیا جائے اور انہیں قرار واقعی سزا دی جائے تاکہ آئندہ کسی بھی طالبہ کے ساتھ ایسا ظلم نہ ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیمی اداروں میں طالبات کے تحفظ کو یقینی بنانا حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے اور اس میں ناکامی ناقابل قبول ہے۔ انہوں نے متاثرہ خاندان سے مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ ذاتی طور پر میر پور خاص جا کر ورثا سے تعزیت کریں گے اور انصاف کی فراہمی تک ان کے ساتھ کھڑے رہیں گے۔ حلیم عادل شیخ نے کہا کہ اگر ماضی کے واقعات میں بروقت اور سخت کارروائی کی جاتی تو آج سندھ کی بیٹیاں اس طرح کے المناک واقعات کا شکار نہ ہوتیں۔

## بقیہ نمبر 14 اطلاعات

نے اپنے بیان میں کہا کہ حالیہ دنوں میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے نے مہنگائی کے طوفان کو جنم دیا ہے، جس کا براہ راست اثر روزمرہ استعمال کی تمام اشیاء پر پڑ رہا ہے۔ پیٹرول کی قیمتوں میں اضافہ صرف سفری اخراجات تک محدود نہیں رہتا بلکہ یہ اشیائے خورد و نوش و دیگر ضروریات زندگی کی قیمتوں کو بھی بڑھا دیتا ہے۔ جبکہ بجلی کی قیمتوں میں حالیہ اضافہ بھی عوام پر ایک اضافی بوجھ بن چکا ہے، جس کے باعث عام آدمی کی زندگی شدید مشکلات کا شکار ہو گئی ہے۔ خصوصاً سفید پوش طبقہ، دیہاڑی دار مزدور اور کم آمدنی والے افراد اس صورتحال سے سب سے زیادہ متاثر ہو رہے ہیں۔ احمد ندیم اعوان نے کہا کہ مرکزی مسلم لیگ اپنے منشور خدمت انسانیت پر عمل کرتے ہوئے ہمیشہ کی طرح اس کٹھن وقت میں بھی اپنے عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے میدان میں موجود ہے۔ انہی کوششوں کے تحت شہر کے مختلف اہم مقامات پر سستے سبزی بازار قائم کیے جا رہے ہیں، جہاں شہریوں کو مارکیٹ کے مقابلے میں نمایاں کم نرخوں پر معیاری اشیا دستیاب ہوں گی۔

## بقیہ نمبر 15 اطلاعات

ایک سنگین اور مہلک بیماری ہے جس سے اپاہج ہونے سے بچا جاسکتا ہے اس بیماری کا ہم نے جڑ سے خاتمہ کرنا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے پولیو ویکسین کی افادیت سے بھی آگاہی دی ان کا مزید کہنا تھا کہ پولیو سے بچاؤ کا واحد حل صرف ویکسین ہی ہے جس کے لیے اسکول اور سوشل میڈیا سے آگاہی بہترین طریقہ ہے اسکول سے ہی بچوں کی پولیو ویکسین پینے کی ذہن سازی کی جائے اور اسکے لیے اساتذہ کرام اہم کردار ادا کرسکتے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر سینٹرل نے پولیو ویکسین کے حوالے سے اسکول انتظامیہ کے اقدامات کو سراہا۔ اور اسکول میں اس طرح کے پروگرام کے انعقاد کرنے پر اسکول انتظامیہ کو خراج تحسین پیش کیا۔

## بقیہ نمبر 16 اطلاعات

کی صورت اختیار کر سکتے تھے ایسے نازک مرحلے پر پاکستان نے نہایت متوازن اور موثر سفارتکاری کے ذریعے دونوں ممالک کے درمیان جنگ بندی کروانے میں اہم کردار ادا کیا، جس کے بعد پاکستان عالمی سطح پر ایک کلیدی ثالث کے طور پر سامنے آیا ہے۔ جنگ بندی کے بعد امریکہ اور ایران کا پاکستان میں مذاکرات کے لیے آمادہ ہونا ایک نہایت مثبت اور خوش آئند پیش رفت ہے، جو اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ عالمی طاقتیں پاکستان کی نیت، کردار اور سفارتی صلاحیتوں پر بھرپور اعتماد کرتی ہیں۔ یہ عمل نہ صرف خطے میں دیرپا امن کی بنیاد رکھے گا بلکہ عالمی سطح پر بھی کشیدگی میں کمی کا باعث بنے گا۔ ثروت اعجاز قادری نے مزید کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ امن، رواداری، برداشت اور مکالمے کی پالیسی کو فروغ دیا ہے۔ پاکستان کی خارجہ پالیسی کا بنیادی محور امن کا قیام اور تنازعات کا پرامن حل رہا ہے اور آج دنیا اس پالیسی کی اہمیت کو تسلیم کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا کردار محض ایک ثالث تک محدود نہیں بلکہ ایک ایسے رہنما ملک کا ہے جو دنیا کو امن اور استحکام کی راہ دکھا رہا ہے۔ پاکستان کی سیاسی اور عسکری قیادت نے جس پختگی، تدبر اور دوراندیشی کا مظاہرہ کیا ہے وہ قابل فخر ہے۔ قومی مفادات کو مقدم رکھتے ہوئے عالمی امن کے لیے کردار ادا کرنا پاکستان کی سنجیدگی اور ذمہ داری کا مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر پاکستان اسی طرح مثبت اور فعال کردار ادا کرتا رہا تو وہ وقت دور نہیں جب پاکستان عالمی سطح پر امن کے قیام میں ایک مستقل اور مرکزی حیثیت اختیار کرے گا۔ ثروت اعجاز قادری نے کہا کہ پاکستان کا عالمی جنگ بندی کے لیے کردار تاریخ کے ایک روشن باب بنے گا اور آنے والی نسلیں اسے سنہری الفاظ میں یاد رکھیں گی۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ دنیا کے دیگر ممالک بھی پاکستان کے امن کے پیغام کو اپنائیں گے اور تنازعات کے حل کے لیے جنگ کے بجائے مذاکرات کا راستہ اختیار کریں گے۔ موجودہ حالات اس بات کے متقاضی ہیں کہ امت مسلمہ بالخصوص اور عالمی برادری بالعموم متحد ہو کر قیام امن کے لیے کردار ادا کرے۔ پاکستان اس حوالے سے ایک پل کا کردار ادا کر رہا ہے جو مختلف ممالک اور تہذیبوں کے درمیان ہم آہنگی پیدا کرنے میں مددگار ثابت ہو رہا ہے۔ ثروت اعجاز قادری نے حکومت پاکستان، افواج پاکستان اور تمام متعلقہ اداروں کی کاوشوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ قومی یکجہتی، مضبوط قیادت اور بروقت فیصلے ہی پاکستان کو مزید کامیابیوں کی جانب لے جاسکتے ہیں۔ انہوں نے عوام سے بھی اپیل کی کہ وہ ملک کی ترقی، استحکام اور عالمی وقار کے لیے متحد رہیں اور مثبت کردار ادا کریں۔

## بقیہ نمبر 17 اطلاعات

میں "آزادی اظہار کی جدوجہد" کے موضوع پر معروف صحافی و تجزیہ نگار مظہر عباس، صدر کراچی پریس کلب فاضل جمیلی، امبر شمسی اور اقبال خورشید نے تفصیلی گفتگو کی۔ آصف عالم اور کے پی نے افضال الرحمٰن کی نظم پر میوزیکل رقص پیش کیا۔ تقریب کی نظامت کے فرائض عصمت اللہ خان اور ماہ نور محمود نے انجام دیے۔ تقریب میں صدر آرٹس کونسل محمد احمد شاہ، توصیف احمد خان، ممتاز

رحمٰن مغازی، صلاح الدین، ڈاکٹر ایوب شیخ، حبیب الدین جنیدی اور ادبی و سماجی شخصیات سمیت صحافیوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب میں اردو یونیورسٹی ابلاغ عامہ کے طلبا کو بھی ایوارڈز تقسیم کیے گئے۔ صدر آرٹس کونسل محمد احمد شاہ نے صحافت کے میدان میں طویل خدمات اور آزادی صحافت کے لیے کی گئی جدوجہد کے اعتراف میں علی احمد خان کو ایوارڈ اور اجرک پیش کی۔ اس موقع پر معروف صحافی و تجزیہ نگار مظہر عباس نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جرنلزم کی ہوتی ہے جو حکومت کو پسند نہ آئے، صحافت کرنا کا مزہ جبر کے دور میں آتا ہے، تنقید کرنا بہت مشکل کام ہے، میں نے آج جیسا جبری ماحول اپنی زندگی میں کبھی نہیں دیکھا۔

## بقیہ نمبر 18 اطلاعات

ہو کر برباد ہو گیا ہے اسے کم از کم تین ماہ کے لیے پاک فوج کے حوالے کر دیا جائے کیونکہ صوبائی حکومت کراچی کے شہریوں کی زندگی پر اثر انداز ہوتی ہے اور کسی آئینی حل پر بھی تیار نہیں ہمارا مطالبہ آئینی اور اس کے سوا کوئی حل نہیں ہے یہ مشترکہ مطالبہ جمعرات کی شب فکر کراچی نشست کے عنوان سے یونیورسٹی روڈ پر واقع مقامی شادی ہال میں منعقدہ ایک بڑا اجتماع میں کیا گیا جس کی صدارت سابق چیف جسٹس سندھ اور سرپرست عام لوگ اتحاد پاکستان جسٹس وجیہ الدین صدیقی نے کی اور کراچی شہر کی نمائندہ سیاسی جماعتوں نے شرکت کی اپنے صدارتی خطبے میں جسٹس وجیہ الدین صدیقی نے کہا ہے کہ کراچی نے پختونستان اور ملک کے خلاف اس جیسے کئی نعروں کا خاتمہ کر دیا ہے یعنی پاکستان ہے اگر اس کا انتظام درست ہو جائے تو یہ وفاق اور صوبے کو بھی نہیں، ساری دنیا کو کھلا سکتا ہے لیکن زر زمین کے نمائندوں اور اعلیٰ قیادت نے اس کے شہریوں کو بھی ان ثمرات سے محروم کر دیا ہے۔ فکر کراچی نشست "سے کے آر ایم کے چیئرمین اشرف جبار قریشی اور پاکستان جسٹس ایسوسی ایشن کے چیئرمین سردار محمد اقبال اور دیگر مقررین نے خطاب کیا۔ جسٹس وجیہ الدین صدیقی نے کہا کہ اگر یہ ہندوستان کو سونے کا انڈا دینے والی مرغی کہتے تھے لیکن آج کی دنیا میں کراچی سونے کا انڈا دینے والی مرغی ہے جو نااہل قیادت کے ہاتھوں یرغمال ہے کراچی اب صرف ایک مخصوص طبقے یا قومیت کا شہر نہیں بلکہ سندھی، پٹھان، بلوچ، پنجابی اور سرائیکی سمیت تمام قومیتوں کا مشترکہ شہر ہے اس شہر کی رونقوں کو بحال کرنے کے لیے سب کو مل کر کردار ادا کرنا ہوگا یہ تب ہی ممکن ہے جب ہم پدمعاشوں اور کرپٹ اشرافیہ سے نجات حاصل کریں۔ انہوں نے اٹھارویں ترمیم پر بات کرتے ہوئے کہا کہ اگرچہ اس پر سب نے خوشی کا اظہار کیا، لیکن صوبوں نے اس پر مکمل عملدرآمد نہیں کیا اور اختیارات نچلی سطح تک منتقل کرنے کے بجائے اپنے پاس رکھ لیے، جو آئین کے خلاف ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ کراچی کے مسئلے کا حل کراچی کے شہریوں کی حقیقی نمائندہ قیادت ہے کو انہی صفوں سے ابھرنی چاہیے کراچی بچاؤ تحریک کے چیئرمین اشرف جبار قریشی نے کہا کہ "سسٹم" کے رکھوالے شہر کو برباد کرنے کے بعد اسے لسانی فسادات کی آگ میں جھونکنا چاہتے ہیں اب شہر کو کسی بھی قسم کے لسانی فساد کی نذر نہیں ہونے دیا جائے گا اور ہماری کسی سے کوئی ذاتی لڑائی نہیں ہے لیکن سسٹم کو اس شہر میں اب چلنے نہیں دیا جائے گا اس شہر کے نمائندے جو بھی بن گئے ہوں لیکن اصل نمائندے یہاں موجود ہیں یہی شہر کی مستقبل کی قیادت ہے انہوں نے کہا کہ ہم اس شہر کی بربادی کا نوحہ کئی سال سے پڑھ رہے ہیں اور شہر کی بحالی کوشش بھی کر رہے ہیں سسٹم کے بے حس رکھوالے کچھ سننے پر تیار ہیں نہ کچھ کرنے پر انہوں نے کہا کہ اب اس شہر کے باسی صوبائی حکومت سے مایوس ہو چکے ہیں اس سے پہلے کہ وہ آئین و قانون سے بھی مایوس ہو جائیں شہر کو آئین میں موجود طریقہ کار کے تحت فوج کے حوالے کیا جائے پاکستان جسٹس ایسوسی ایشن کے چیئرمین سردار محمد اقبال نے کہا کہ اب شہر کو بحال ہونا چاہیے اس کے سوا کوئی صورت قابل قبول نہیں ہم ملک کے مقتدر حلقوں سے امید رکھتے ہیں اس شہر کے درد کا درماں ہونا چاہیے انہوں نے کہا کہ ہم لڑنا نہیں چاہتے اس کا مطلب یہ نہیں کہ لڑ نہیں سکتے اس کے باوجود افہام و تفہیم اور آئین کے مطابق حل چاہتے ہیں مرکزی مسلم لیگ کراچی کے صدر احمد ندیم اعوان نے کہا کہ لوگ اب باتیں کر رہے ہیں آ جائے ہر جگہ حل نکل گئی یونیورسٹی روڈ نہیں کھل سکی ہمارے وزیر اعظم شادی کی مبارکیں دینے کراچی آ گئے گرگری پلازہ جا کر اظہار افسوس نہ کر سکے حکمرانوں کی بے حسی کی اس بڑی مثال اور کیا ہو سکتی ہے انہوں نے کہا کہ کراچی بحالی کی تحریک میں مرکزی مسلم لیگ کا ایک ایک کارکن آپ کے قدم بہ قدم ہے کراچی پریس کلب کے سابق صدر امتیاز خان فاران نے کہا کہ کراچی پرویز مشرف کے دور میں ترقی کر سکتا ہے تو اب بھی کر سکتا ہے اس لیے کراچی کے مسئلے کا حل نہ تو صوبہ ہے نہ کوئی انتظامی یونٹ بلکہ حکمرانوں کی وہ دولت ہے جو پہلے تھی اب نہیں فکر کراچی نشست سے کراچی ریسٹوریشن موومنٹ کے رہنما ڈاکٹر ایس ایم ضمیر، کیلیشن علی بلوچ اور ڈاکٹر سید علی سلطان کے علاوہ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن زاہد منصوری، جماعت اسلامی کے یوسی چیئرمین سید شہزاد مظہر، مسلم لیگ کے کونسلر رشید، فنکشنل لیگ کے زاہد اعوان، کراچی گرینڈ الائنس کے چیئرمین اسلم خان، کراچی حقوق ریسٹوریشن کے چیئرمین ظفر الجمیل، شیخ شفیق جان درانی، ساشد اعوان، طارق ہمدانی، عامر ضیا، مجرم عرفان، و دیگر نے بھی خطاب کیا۔

## بقیہ نمبر 19 اطلاعات

پہنچا رہے ہیں۔ انہوں نے متعلقہ انتظامیہ کی کارکردگی پر سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ شکایات کے باوجود موثر کارروائی نہ ہونا لمحہ فکریہ ہے۔ سردار عبدالرحیم کا کہنا تھا کہ سندھ میں قانون کی عملداری کمزور دکھائی دیتی ہے، جس کی وجہ سے بااثر عناصر احتساب سے بچ نکلتے ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ اس کیس میں ملوث تمام افراد کو فوری طور پر قانون کے کٹہرے میں لایا جائے اور شفاف تحقیقات کے ذریعے حقائق عوام کے سامنے رکھے جائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ماضی میں بھی اس نوعیت کے کئی افسوسناک واقعات سامنے آ چکے ہیں، لیکن انصاف کی عدم فراہمی نے متاثرہ خاندانوں کے زخموں کو مزید گہرا کیا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ایسے معاملات میں زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی جائے تاکہ آئندہ کسی طالبہ کو اس طرح کے حالات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ سردار عبدالرحیم نے متاثرہ خاندان سے دلی ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے یقین دہانی کرائی کہ وہ انصاف کی فراہمی کے لیے ہر ممکن آواز اٹھاتے رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی اولین ذمہ داری ہے کہ شہریوں، خصوصاً طالبات کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے اور اس حوالے سے کسی بھی قسم کی غفلت ناقابل برداشت ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ واقعے کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کرائی جائیں اور ذمہ داران کو سخت سزا دی جائے تاکہ معاشرے میں انصاف کا بول بالا ہو اور عوام کا اعتماد بحال ہو سکے۔

## بقیہ نمبر 20 اطلاعات



# سندھ کی بیٹی فہمیدہ لغاری کا کیس عوام کی عدالت میں لے کر آئے ہیں

حلیم عادل شیخ

فہمیدہ لغاری محمدی میڈیکل کالج کی پوزیشن ہولڈر اور ہونہار طالبہ تھی، جسے مبینہ طور پر اسٹاف اور دیگر افراد کی جانب سے ہراسانی اور بلیک میلنگ کا سامنا رہا

طالبہ فہمیدہ لغاری کی مبینہ خودکشی پر شدید ردعمل' سندھ میں انصاف کا نظام مکمل طور پر ناکام ہو چکا ہے' ملک میں نہ موثر حکمرانی ہے، نہ انصاف کا نظام فعال ہے' صدر PTI سندھ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف سندھ کے صدر حلیم عادل شیخ نے میرپورخاص محمدی میڈیکل کالج کی طالبہ فہمیدہ لغاری کی مبینہ خودکشی کے واقعے پر شدید ردعمل دیتے ہوئے اسے سندھ میں بڑھتے ہوئے انصاف کے بحران اور تعلیمی اداروں میں طالبات کے عدم تحفظ کا افسوسناک ثبوت قرار دیا ہے۔ حلیم عادل شیخ نے اپنے ویڈیو بیان میں کہا کہ آج ایک اور سندھ کی بیٹی فہمیدہ لغاری کا کیس وہ عوام کی عدالت میں لے کر آئے ہیں، کیونکہ ملک میں نہ موثر حکمرانی ہے، نہ انصاف کا نظام فعال ہے اور نہ ہی عدالتیں اپنی ذمہ داریاں پوری کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فہمیدہ لغاری محمدی میڈیکل کالج کی پوزیشن ہولڈر اور ہونہار طالبہ تھی، جسے مبینہ طور پر اسٹاف اور دیگر افراد کی جانب سے ہراسانی اور بلیک میلنگ کا سامنا رہا۔ ان کے مطابق متاثرہ طالبہ نے جب پرنسپل کو

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13



## گلشن اقبال ٹاؤن کے مختلف علاقوں میں تجاوزات کیخلاف آپریشن

رات گئے متعدد یوسیز میں ٹی ایم سی گلشن اقبال کے آپریشن سے ٹریفک کی روانی بحال

کسی صورت سرکاری اراضی پر غیر قانونی قبضے کی اجازت نہیں دی جائے گی، ڈاکٹر فواد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیئرمین گلشن اقبال ٹاؤن ڈاکٹر فواد احمد اور میونسپل کمشنر جاوید الرحمٰن کلوڑی کی ہدایات پر گلشن اقبال ٹاؤن میں تجاوزات کے خاتمے کے لیے مہم شروع کر دی گئی۔ محکمہ انسداد تجاوزات نے مختلف یونین کمیٹیز میں رات گئے بھرپور کارروائیاں انجام دیں، تفصیلات کے مطابق یوسی 2 میں بولان کی سے ہیم پارک تک، یوسی 8 میں بیت المکرم مسجد کے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3

## مرکزی مسلم لیگ اتوار کو کراچی کے مختلف علاقوں میں سستے سبزی بازار لگائے گی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مرکزی مسلم لیگ کراچی کی جانب سے عوام کو مہنگائی کے بوجھ سے ریلیف فراہم کرنے کے لیے کل بروز اتوار شہر کے مختلف علاقوں میں سستے سبزی بازار منعقد کیے جائیں گے۔ مرکزی مسلم لیگ کراچی کے صدر احمد ندیم اعوان

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14

## کراچی کو فوج کے حوالے کیا جائے، کے آر ایم اور جسٹس ایسوسی ایشن کا مطالبہ

صوبائی حکومت شہریوں کے مسائل حل کرنے میں ناکام ہو چکی ہے' رہنماؤں

صدارت وجیہہ الدین صدیقی نے کی' مختلف سیاسی و سماجی جماعتوں کے نمائندوں نے شرکت کی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی ریسٹوریشن موومنٹ (کے آر ایم) اور پاکستان جسٹس ایسوسی ایشن نے مطالبہ کیا ہے کہ کراچی شہر اس وقت سسٹم کے ہاتھوں یرغمال بن چکا ہے اور شدید تباہی کا شکار ہے، لہٰذا اسے کم از کم تین ماہ کے لیے پاک فوج کے حوالے کیا جائے۔ رہنماؤں کا کہنا تھا کہ صوبائی حکومت شہریوں کے مسائل حل کرنے میں ناکام ہو چکی ہے اور کسی آئینی حل

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2

## کراچی میں گرمی زور پکڑنے لگی، اتوار کو موسم شدید گرم رہنے کا امکان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں آئندہ تین روز کے دوران موسم گرم رہنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق شہر میں آئندہ تین روز کے دوران موسم گرم اور خشک رہ سکتا ہے۔ محکمہ موسمیات نے بتایا کہ جمعہ کو شہر میں کم سے کم درجہ حرارت 23.5 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔

## ایماندار اور محنتی ملازمین گلبرگ ٹاؤن کا قیمتی اثاثہ ہیں' نصرت اللہ

ریٹائرڈ ملازمین اور مرحوم ملازمین کے ورثاء میں 35 لاکھ سے زائد روپے کے 3500000 کے چیک تقسیم

یہ ادائیگیاں آپ لوگوں کی خدمات کے اعتراف اور ان کے واجبات کی بروقت فراہمی منتخب بلدیاتی قیادت کے عزم کا مظہر ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیئرمین گلبرگ ٹاؤن نصرت اللہ نے ٹاؤن آفس میں ریٹائرڈ ملازمین اور مرحوم ملازمین کے ورثاء میں 35 لاکھ سے زائد روپے (3500000) کے چیک تقسیم کیے۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ بجٹ آفیسر وسیم احمد، ڈائریکٹر ایڈمن محمد علی، ایکسین ایس ایل ای آر محمد کمال خان اور دیگر محکمہ جاتی افسران بھی موجود تھے اس موقع پر

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1

# پولیو کے خاتمے کیلئے اسکولوں میں آگاہی ضروری ہے

ڈپٹی کمشنر سینٹرل طلحہ سلیم

نجی اسکول کے بچوں کو وٹامن اے کے کیپسول اور پولیو ویکسین پلا کر 13 اپریل سے 19 اپریل تک جاری رہنے والی انسداد پولیو مہم کا افتتاح کر دیا

پولیو ایک سنگین اور مہلک بیماری ہے، جس سے اپاہج ہونے سے بچا جاسکتا ہے اس بیماری کا اہم نے جڑ سے خاتمہ کرنا ہے' ڈپٹی کمشنر سینٹرل طلحہ سلیم

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈپٹی کمشنر سینٹرل طلحہ سلیم نے ناظم آباد کے نجی اسکول میں انسداد پولیو مہم کے حوالے سے بچوں کو ویکسین پلا کر پولیو مہم کا افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر اسکول انتظامیہ نے ڈپٹی کمشنر کا استقبال کیا اور اسکول کے بچوں نے ڈپٹی کمشنر کو پھولوں کے گلدستے پیش کیے۔ ضلع وسطی میں ڈپٹی کمشنر سینٹرل طلحہ سلیم نے ایک نجی اسکول کے بچوں کو وٹامن اے کے کیپسول اور پولیو ویکسین پلا کر 13 اپریل سے 19 اپریل تک جاری رہنے والی انسداد پولیو مہم کا افتتاح کر دیا۔ افتتاح کے موقع پر اسسٹنٹ کمشنر ناظم آباد عمیر احمد، MPA بلال احمد، ایریا کوآرڈینیٹر پولیو ڈاکٹر ایاز، ڈاکٹر انیل، دانش خواجہ اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر طلحہ سلیم نے اس موقع پر اسکول کے طلبا و طالبات سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ پولیو

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15



# عالمی امن کیلئے پوری دنیا کی نظریں پاکستان پر جمی ہوئی ہیں

ثروت اعجاز قادری

دنیا کو عالمی جنگ سے بچانے کے لیے پاکستان ہی سب کا فیورٹ ہے' امریکہ ایران جنگ بندی کے بعد پاکستان پوری دنیا کی توجہ کا مرکز بن چکا ہے

جنگ بندی کے بعد دونوں ممالک کا پاکستان میں مذاکرات کے لیے آنا ایک خوش آئند عمل ہے' چیئرمین پاکستان سنی تحریک کی میڈیا سے گفتگو

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان سنی تحریک کے چیئرمین انجینئر محمد ثروت اعجاز قادری نے ایران امریکہ جنگ بندی کے حوالے سے میڈیا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ عالمی حالات میں پاکستان ایک ذمہ دار، باوقار اور امن پسند ریاست کے طور پر ابھر کر سامنے آیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی امن کے قیام کے لیے پوری دنیا کی نظریں پاکستان پر مرکوز ہو چکی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دنیا کو ایک ممکنہ تباہ کن عالمی جنگ سے بچانے کے لیے پاکستان نے جس جرأت، بصیرت اور حکمت عملی کا مظاہرہ کیا ہے وہ نہ صرف قابل تحسین ہے بلکہ عالمی سطح پر ایک مثال بن چکا ہے۔ ثروت اعجاز قادری نے کہا کہ امریکہ اور ایران کے درمیان کشیدگی نے پوری دنیا کو ایک خطرناک موڑ پر لا کھڑا کیا تھا، جہاں کسی بھی لمحے حالات ایک بڑی جنگ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16

## ایران امریکا کے مابین جنگ بندی کا خیر مقدم کرتے ہیں' جمیل ضیاء

موجودہ عالمی حالات میں پاکستان نہ صرف ایک ذمہ دار ریاست کے طور پر ابھرا ہے' رہنما پیپلز پارٹی

امن کے قیام میں ایک کلیدی اور موثر کردار ادا کرتے ہوئے دنیا کی توجہ اپنی جانب مبذول کروائی ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان کی سول اور عسکری سفارتکاری کی وجہ سے ایران اور امریکہ کے درمیان سیز فائر ہوا اسلام آباد میں امن مذاکرات شروع ہو رہے ہیں ایران امریکہ کے مابین جنگ بندی کا خیر مقدم کرتے ہیں پاکستان نے بہترین سیاسی اور عسکری سفارتکاری سے اپنی حیثیت منوائی ہے۔ ان خیالات کا اظہار ٹاؤن چیئرمین حاجی جمیل ضیاء نے آج جمعہ 10 اپریل 2026 یوم تشکر کی ریلی کے شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، یوم تشکر کی ریلی ٹاؤن چیئرمین

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4

# سسٹم کے ہاتھوں یرغمال کراچی کو فوج کے حوالے کیا جائے

کراچی ریسٹوریشن موومنٹ کا مطالبہ

متی پاکستان کراچی نے پختونستان اور ملک کیخلاف اس جیسے کئی نعروں کا خاتمہ کیا، سرپرست عام لوگ اتحاد پاکستان جسٹس وجیہہ الدین صدیقی

کراچی ریسٹوریشن موومنٹ اور پاکستان جسٹس ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام فکر کراچی نشست سے اشرف جبار قریشی سردار اقبال و دیگر کا خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی ریسٹوریشن موومنٹ (کے آر ایم) اور پاکستان جسٹس ایسوسی ایشن نے مطالبہ کیا ہے کہ کراچی شہر سسٹم کے ہاتھوں یرغمال

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18

## حالات مشکل ضرور ہیں، مگر صحافت کی جدوجہد ہمیشہ جاری رہے گی، فاضل جمیلی

علی احمد خان کی نمایاں خدمات کے اعتراف میں "لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ 2026" کا انعقاد

خبر دینا ہوتی ہے جو حکومت کو پسند نہ آئے، تنقید کرنا بہت مشکل کام ہے، احتجاج اب ٹاک ٹک محدود ہو چکا ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی نے زیر اہتمام اخلاق الرحمٰن ایوارڈز برائے جرأت اظہار اور آزادی صحافت کا علی احمد خان کی نمایاں خدمات کے اعتراف میں "لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ 2026" کا انعقاد آڈیٹوریم II میں کیا گیا۔ تقریب کا آغاز اخلاق الرحمٰن کی زندگی پر مبنی شارٹ فلم سے کیا گیا جس میں آزادی اظہار کی جدوجہد کے بارے میں مختلف شعبہ فکر رہنما، سماجی رہنما، سینئر صحافیوں کے تاثرات پیش کیے گئے "جبر کے ماحول

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17



(BCFR) کے چیئرمین چنگیز حسین خان اور انڈس اسپتال اینڈ ہیلتھ نیٹ ورک کے صدر ڈاکٹر عبدالباری خان، چین کے قونصل جنرل جناب یانگ یون ڈونگ سے ملاقات کر رہے ہیں

## خواجہ آغا محمد عاصم جان چشموی تعزیت کیلئے جکھرانی ہاؤس تشریف لے آئے

سابق ایم این اے وسینئر سیاستدان میر بابل خان جکھرانی کے ناگہانی انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

قبلہ اعلیٰ حضرت خواجہ آغا محمد عاصم جان چشموی نے مرحوم کی مغفرت اور بلند درجات کے لیے دعا فرمائی

جیکب آباد (رپورٹ عبدالقیوم جکھرانی) درگاہ عالیہ چشتیہ شریف کے گادی نشین و سجادہ نشین، پیر طریقت رہبر شریعت قبلہ اعلیٰ حضرت خواجہ آغا محمد عاصم جان چشموی نقشبندی نے جیکب آباد کا دورہ کیا اور جکھرانی ہاؤس تشریف لائے۔ انہوں نے سینئر سیاستدان، سابق ایم این اے مرحوم میر احمد نواز خان جکھرانی المعروف میر بابل خان جکھرانی کے ناگہانی انتقال پر شدید رنج وغم کا اظہار کیا۔ جکھرانی ہاؤس آمد پر چشتیہ شریف کے گادی نشین نے چیئرمین قائمہ کمیٹی مواصلات و چیف وہپ قومی اسمبلی میر اعجاز حسین خان جکھرانی، میر خالد نواز خان جکھرانی اور میر آزاد خان جکھرانی سے ان کے والد محترم کے انتقال پر تعزیت کی۔ انہوں نے ایم پی اے گڑھی خیرو میر ممتاز حسین خان جکھرانی، میر ناصر اللہ خان جکھرانی، میر حارث خان جکھرانی و میر رافع حسین جکھرانی سے ان کے دادا محترم کے انتقال پر دلی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5



ٹاؤن چیئرمین اورنگی ٹاؤن جمیل ضیاء یوم تشکر کے حوالے سے نکالے جانے والی ریلی کی قیادت کر رہے ہیں

# تعلیمی اداروں طلبہ و طالبات کیلئے محفوظ پناہ گاہ ہونے چاہئیں

سردار عبدالرحیم

فہمیدہ لغاری کے ساتھ افسوسناک واقعہ صوبے میں انصاف کے فقدان اور تعلیمی اداروں میں طالبات کے عدم تحفظ کی سنگین عکاسی کرتا ہے

فہمیدہ لغاری ایک باصلاحیت اور محنتی طالبہ تھیں، جن کے ساتھ پیش آنے والے مبینہ حالات نہایت افسوسناک ہیں' سیکرٹری جنرل فنکشنل لیگ سندھ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ فنکشنل سندھ کے سیکریٹری جنرل سردار عبدالرحیم نے میرپورخاص میں محمدی میڈیکل کالج کی طالبہ فہمیدہ لغاری کے افسوسناک واقعے پر گہرے دکھ اور تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ سانحہ صوبے میں انصاف کے فقدان اور تعلیمی اداروں میں طالبات کے عدم تحفظ کی سنگین عکاسی کرتا ہے۔ اپنے بیان میں سردار عبدالرحیم نے کہا کہ فہمیدہ لغاری ایک باصلاحیت اور محنتی طالبہ تھیں، جن کے ساتھ پیش آنے والے مبینہ حالات نہایت افسوسناک ہیں۔ اگر ہراسانی اور دباؤ کی شکایات کو بروقت اور سنجیدگی سے لیا جاتا تو شاید یہ المناک صورتحال پیدا نہ ہوتی۔ انہوں نے کہا کہ تعلیمی ادارے طلبہ و طالبات کے لیے محفوظ پناہ گاہ ہونے چاہئیں، مگر بدقسمتی سے ایسے واقعات اس تاثر کو نقصان

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19



# گوادر اسپتال کی تعمیر بلوچستان کے عوام کیلئے ہمارے عزم کا ثبوت ہے

ڈاکٹر عبدالباری خان

بلوچستان کونسل آن فارن ریلیشنز کے چیئرمین چنگیز حسین خان اور انڈس اسپتال کے صدر کی کراچی میں چین کے قونصل جنرل یانگ یون ڈونگ سے ملاقات

فریقین نے گوادر میں صحت کی سہولیات کی تزویراتی اہمیت پر تبادلہ خیال کیا، جو کہ کمیونٹی کے استحکام اور دوطرفہ تعاون کا ایک اہم ستون ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) علاقائی سطح پر صحت کی سہولیات کی بہتری اور بین الاقوامی تعاون کو مضبوط بنانے کے لیے ایک اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔ بلوچستان کونسل آن فارن ریلیشنز (BCFR) کے چیئرمین چنگیز حسین خان اور انڈس اسپتال اینڈ ہیلتھ نیٹ ورک کے صدر ڈاکٹر عبدالباری خان نے آج کراچی میں چین کے قونصل جنرل جناب یانگ یون ڈونگ سے ملاقات کی۔ اس اعلیٰ سطحی ملاقات کے دوران ڈاکٹر عبدالباری خان نے انڈس اسپتال کی جانب سے ملک بھر میں فراہم کی جانے والی معیاری اور سو فیصد مفت طبی سہولیات کے بارے میں آگاہ کیا۔ انہوں نے خاص طور پر گوادر میں حال ہی میں قائم کیے گئے انڈس اسپتال کا ذکر کیا، جو ساحلی پٹی کے عوام کو جدید طبی سہولیات فراہم کرنے اور پاک۔چین اقتصادی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6

## پاکستان کی جرأتمند سفارتکاری نے عالمی جنگ کا راستہ روک دیا، فضل رزاق بابو

عاصم منیر اور شہباز شریف اس تاریخی کامیابی پر قوم کی جانب سے مبارکباد کے مستحق قرار



کراچی (اسٹاف رپورٹر) عالمی سطح پر تیزی سے بدلتی صورتحال اور ایران کے گرد منڈلاتے خطرناک جنگی بادلوں کے دوران پاکستان نے ایک فیصلہ کن، جرأتمند اور تاریخ ساز کردار ادا کرتے ہوئے ممکنہ عالمی جنگ کا رخ موڑ دیا۔ ایڈمنسٹریٹو آفیسر حاجی فضل رزاق بابو نے اپنے پریس بیان میں کہا ہے کہ اس عظیم سفارتی کامیابی پر پاک فوج کے سپہ سالار جنرل سید عاصم منیر اور وزیر اعظم پاکستان میاں شہباز شریف

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9

# عدم اعتماد کا خوف، قابض میئر بوکھلاہٹ کا شکار، فسطائیت پر اتر آئے

منعم ظفر

قابض میئر ارکان کی رائے کو روند کر من پسند قراردادیں زبردستی منظور کرانا چاہتے ہیں جو کسی صورت قابل قبول نہیں' امیر جماعت اسلامی کراچی

ذمہ دار عناصر کے خلاف فوری کارروائی عمل میں لائی جائے' سٹی کونسل کے حالیہ اجلاس میں پیش آنے والے واقعات پر شدید ردعمل کا اظہار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان نے سٹی کونسل کے حالیہ اجلاس میں پیش آنے والے واقعات پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ قابض میئر تحریک عدم اعتماد کے خوف سے بوکھلاہٹ کا شکار ہو کر فسطائیت پر اتر آئے ہیں۔ سٹی کونسل کے اجلاس میں اپوزیشن ارکان پر حملہ کھلی جمہوریت دشمنی ہے اور اس سے پیپلز پارٹی کے اصل طرز سیاست کی عکاسی ہوتی ہے۔ سٹی کونسل میں جمہوری اقدار کی پامالی ہے بلکہ جمہوری اقدار کی بھی توہین ہے۔ پیپلز پارٹی کا یہ عمل طور پر آمرانہ ہے اور وہ جمہوری اصولوں کو پامال کرتے ہوئے اپنی مرضی کے فیصلے مسلط کرنا چاہتی ہے۔ قابض میئر ارکان کی رائے کو روند کر من پسند قراردادیں حسب سابق زبردستی منظور کرانا چاہتے ہیں، جو کسی صورت قابل قبول نہیں۔ منعم ظفر خان نے کہا کہ کراچی کے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20

## سندھ میں کالج اساتذہ کے مسائل کے حل کی جانب پیش رفت

اساتذہ کے پروموشن کے مسائل کو جلد حل کرنے اور SECCAP کے نظام کو مزید بہتر بنانے پر اتفاق

کراچی (اسٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر تعلیم سندھ سید سردار علی شاہ سے سندھ پروفیسرز اینڈ لیکچررز ایسوسی ایشن کے نمائندہ وفد نے ملاقات کی، جس میں کالج اساتذہ کو درپیش مسائل اور چارٹر آف ڈیمانڈز میں شامل نکات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ کراچی آفس میں ہونے والے اجلاس میں سیکریٹری کالج ایجوکیشن فرخ شہزاد قریشی، ڈائریکٹر جنرل کالجز سندھ زاہد حسین راہپر، ڈاکٹر محمد قاسم راہپر سمیت دیگر شریک ہوئے۔ سپلا کی نمائندگی سپلا کی مرکزی صدر

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21

## پبلک ٹرانسپورٹروں نے مسافروں سے لوٹ مار کا بازار گرم کر رکھا ہے

مسافروں سے من مانے کرائے کی وصولی' ہمارا کچھ نہیں بگاڑ سکتے ٹرانسپورٹ مافیا کے مسافروں کو دھمکیاں

منی بس کنڈیکٹر نے کہا کہ ہمارے خلاف جو کارروائی کرنی ہے بڑے شوق سے کرو ہماری اوپر تک پہنچ ہے



کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف نے اوگرا کی سفارش پر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں جو اضافہ کیا تھا عوامی احتجاج اور دباؤ پر وزیر اعظم نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمت میں 80 روپے کم کر دیے کراچی میں پبلک ٹرانسپورٹ کے مسافروں کو اب بھی زیادہ کرایہ ادا کرنا پڑ رہا ہے۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7



اہلسنت والجماعت کراچی ڈویژن کے زیر اہتمام تحفظ حرمین شریفین و پاکستان زندہ باد ریلی کے شرکاء لسبیلہ چوک سے گزر رہے ہیں

## پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں نے ماہی گیری کے شعبے کو بحران میں ڈال دیا، رفیق داد جت

ساحلی علاقوں سے وابستہ ہزاروں خاندانوں کا روزگار خطرے میں پڑ گیا ہے

ڈیزل مہنگا ہونے سے کشتیوں کے اخراجات میں غیر معمولی اضافہ ہو چکا ہے

کراچی (رپورٹ: محمد عبداللہ میرانی) پاکستان پیپلز پارٹی ضلع ملیر کے نائب صدر اور وائس چیئرمین ٹاؤن میونسپل کارپوریشن ابراہیم حیدری رفیق داد جت نے کہا ہے کہ پیٹرولیم مصنوعات خصوصاً ڈیزل کی قیمتوں میں حالیہ اضافے نے ماہی گیری کے شعبے کو شدید بحران سے دوچار کر دیا ہے، جس کے باعث ساحلی علاقوں سے وابستہ ہزاروں خاندانوں کا روزگار خطرے میں پڑ گیا ہے۔ انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ ڈیزل مہنگا ہونے سے کشتیوں کے اخراجات میں غیر معمولی اضافہ ہو چکا ہے، جس کی وجہ سے ماہی گیر سمندر میں جانے سے بھی قاصر ہوتے جا رہے ہیں۔ ماہی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10

## عمامہ مسعود اور عمران خان نے زورو (zoero) ایونٹ کی تقریب افتتاح کیا

معروف علمی ادبی صحافتی سماجی شخصیات اور شعبے کے قدر اور شخصیات کی آمد و شرکت

تقریب کے اختتام پر عمامہ مسعود اور عمران خان نے شرکائے محفل کا شکریہ ادا کیا

کراچی (فرح دیبا) نو اپریل بروز جمعرات 2026 کو راشد منہاس روڈ پر واقع آفس نمبر 222 سیکنڈ فلور میں معروف پروگرام اور آرگنائزر عمامہ مسعود اور عمران خان نے زورو ایونٹ کے نام سے آفس کا افتتاح شاندار انداز میں کیا۔ اس موقع پر فیتہ اور کیک کاٹنے کی رسم ادا کی گئی اور شرکائے محفل کے لیے ریفریشمنٹ کا اہتمام بھی کیا گیا۔ سابق ڈائریکٹر میڈیکل ایجوکیشن سروسز کے ایم ڈی سی اور پاپی اور چیف پیٹرن ڈاکٹر حبیب چانڈیو، کیپٹن انڈی ڈاکٹر حبیب نواز خان نے عمامہ مسعود اور عمران خان کی دعوت پر خصوصی طور پر شرکت کی اور منتظمین کے پروگرام کی کاوشات کو سراہا۔ اس موقع پر جناب میجر عامر آئی ایس پی آر اور جناب کیپٹن بلال پاکستان رینجرز، جناب ڈی ایس پی سلیم صدیقی،

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11

## مذاکرات کی میزبانی پاکستان کیلئے ایک بین الاقوامی سفارتی اعزاز ہے' سید ارشد حسین

کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیئرمین و سربراہ پاکستان غریب عوام پارٹی سید ارشد حسین نے امریکہ اور

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22

## سکھر میں بزرگ خاتون کا بیٹے، بہو پر زیادتی، جائیداد ہتھیانے کا الزام

علی چوہان اور بیٹی علی چوہان نے ان کے ساتھ زیادتی کی ہے۔ الزام

قانون، صائمہ، اپنے مرحوم شوہر کی ملکیتی جائیداد پر قبضہ کرنے کی کوشش کر رہی ہے

سکھر (کے پی شیخ) قریشی گوٹھ شر چوک کی رہائشی معمر خاتون مسمات جوادی چوہان اپنی پوتی کے ہمراہ سکھر پریس کلب پہنچی اور اپنے بیٹے اور بہو پر تشدد، مالی استحصال اور جائیداد پر قبضہ کرنے کی کوشش کا الزام لگاتے ہوئے میڈیا سے بات کرتے ہوئے الزام لگایا کہ علی چوہان اور بیٹی علی چوہان نے ان کے ساتھ زیادتی کی ہے۔ قانون، صائمہ، اپنے مرحوم شوہر کی ملکیتی جائیداد پر قبضہ کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ اس نے بتایا کہ اس نے اپنی پوتی اندازہ کو بچپن سے پالا ہے لیکن اب

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12



## پاکستانی عوام نے بھی حکومت کی جنگ بندی کی کوششوں کی حمایت کر دی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستانی عوام نے بھی حکومت کی جنگ بندی کی کوششوں کی حمایت کر دی۔

## ڈپٹی کمشنر ضلع کورنگی مسعود بھٹو کی صدارت میں انسداد پولیو مہم کے حوالے سے سیشن

پولیو مہم کو ہم کامیاب کیا جاسکتا ہے وہ تمام والدین جو اپنے بچوں کو کسی وجہ سے پولیو کے قطرے نہیں پلاتے

ان کو اپنا اثر و رسوخ استعمال کرتے ان کے خدشات کو دور کر کے ان کے بچوں کو پولیو کے قطرے پلوائیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈپٹی کمشنر ضلع کورنگی مسعود بھٹو کی صدارت میں 13 اپریل سے پاکستان بھر بالخصوص ضلع کورنگی میں انسداد پولیو مہم کے حوالے سے ایک سیشن منعقد ہوا جس میں ضلع کورنگی کی تمام یونین کے معززین (انفلوئنسر) سماجی کارکنان نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر کورنگی مسعود بھٹو نے تمام شرکاء کا اس سیشن میں شرکت پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ پولیو مہم کو آپ کے تعاون سے کامیابی سے ہمکنار کیا جاسکتا ہے وہ تمام والدین جو اپنے بچوں کو کسی وجہ سے پولیو کے قطرے نہیں پلاتے ان کو اپنا اثر و رسوخ استعمال کرتے ان کے خدشات کو دور کر کے ان کے بچوں کو پولیو کے قطرے پلوائیں کیونکہ ایک انکاری بچہ دوسرے بچوں کے لیے خطرہ بن سکتا ہے۔ ای سی ایس سینئر نے پولیو اور بچوں کے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8

## چیری ماسٹر پاکستان نے ٹیگو 8 پی ایچ ای وی کی قبل از وقت ڈیلیوری کا آغاز کر دیا

پری رجسٹرڈ صارفین کو یہ ڈیلیوریز اپریل 2026 کے طے شدہ ٹائم لائن کے مطابق جاری ہیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیری ماسٹر پاکستان نے اپنی جدید ٹیگو 8 پلگ ان ہائبرڈ الیکٹرک وہیکل (PHEV) کی مقررہ شیڈول سے پہلے ڈیلیوری کا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23



ڈپٹی کمشنر ضلع کورنگی مسعود بھٹو کی زیر صدارت 13 اپریل سے شروع ہونے والی انسداد پولیو مہم اور سماجی کارکنان کے کردار کے حوالے سے میٹنگ ہو رہی ہے



معروف پروگرام اور آرگنائزر عمامہ مسعود اور عمران خان نے زورو ایونٹ کے نام سے آفس کا افتتاح شاندار انداز میں کر رہے ہیں